Email- info@awamilalkaar.com
MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم
جلد 14 | اتوار، 21 مئی، 2023ء، یکم ذی العقد 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 37

حکومت سے فنڈز کے سیاسی مقاصد کیلئے استعمال نہ ہونے کی یقین دہانی مانگنے کے باعث اسٹاف سطح کے معاہدے کی تاخیر کی خبروں کو بے بنیاد اور غلط قرار دے دیا

# IMF نے فنڈز کے سیاسی استعمال کی کوئی وضاحت نہیں مانگی وزارت خزانہ

اس ضمن میں وزارت خزانہ نے وضاحت کی ہے کہ یہ خبر جھوٹی اور بے بنیاد ہے کیونکہ آئی ایم ایف نے کبھی بھی حکومت کے ساتھ ایسے کسی خدشے کا اظہار نہیں کیا

بعض قومی اخبارات میں رپورٹ کیا گیا ہے کہ آئی ایم ایف کے معاہدے پر دستخط میں تاخیر کی وجہ یہ ہے کہ آئی ایم ایف وزارت خزانہ سے یہ یقین دہانی چاہتا ہے، وزارت خزانہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزارت خزانہ نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ) آئی ایم ایف( کی جانب سے حکومت سے فنڈز کے سیاسی مقاصد کیلئے استعمال نہ ہونے کی یقین دہانی مانگنے کے باعث اسٹاف سطح کے معاہدے کی تاخیر کی خبروں کو بے بنیاد اور غلط قرار دے دیا۔اس حوالے سے ہفتہ کو جاری کردہ وضاحتی بیان میں وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ بعض قومی اخبارات میں رپورٹ کیا گیا ہے کہ آئی ایم ایف کے معاہدے پر دستخط میں تاخیر کی وجہ یہ ہے کہ آئی ایم ایف وزارت خزانہ سے یہ یقین دہانی چاہتا ہے کہ فنڈز سیاسی مقاصد کے لیے استعمال نہیں کیے جائیں گے۔اس ضمن میں وزارت خزانہ نے وضاحت کی ہے کہ یہ خبر جھوٹی اور بے بنیاد ہے کیونکہ آئی ایم ایف نے کبھی بھی حکومت کے ساتھ ایسے کسی خدشے کا کا اظہار نہیں کیا اور نہ ہی بجٹ کے ذریعے پارلیمنٹ کی منظوری کے بغیر کوئی فنڈز کسی مقصد کے لیے استعمال کیے جاسکتے ہیں۔وزارت خزانہ نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ) آئی ایم ایف( کی جانب سے حکومت سے فنڈز کے سیاسی مقاصد کیلئے استعمال نہ ہونے کی یقین دہانی مانگنے کے باعث اسٹاف سطح کے معاہدے کی تاخیر کی خبروں کو بے بنیاد اور غلط قرار دے دیا۔اس حوالے سے ہفتہ کو جاری کردہ وضاحتی بیان میں وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ بعض قومی اخبارات میں رپورٹ کیا گیا ہے کہ آئی ایم ایف کے معاہدے پر دستخط میں تاخیر کی وجہ یہ ہے کہ آئی ایم ایف وزارت خزانہ سے یہ یقین دہانی چاہتا (بقیہ نمبر1)

## IMF نے فنڈز کے سیاسی استعمال کی کوئی وضاحت نہیں مانگی وزارت خزانہ

چیئرمین نیب نے ڈی جی نیب لاہور کو پنجاب آٹا سکیم میں مبینہ بے ضابطگیوں اور کرپشن الزامات کی تحقیقات کی ہدایت کردی

لاہور (خصوصی خبر نگار) چیئرمین نیب نے ڈی جی نیب لاہور کو پنجاب آٹا سکیم میں مبینہ بے ضابطگیوں اور کرپشن الزامات کی تحقیقات کی ہدایت کردی۔ ذرائع کے مطابق قومی احتساب بیورو) نیب (نے پنجاب مفت آٹا سکیم میں مبینہ بے ضابطگیوں اور کرپشن (بقیہ نمبر 11)

## عدالت کا غیر قانونی نظر بند شہری رہا، حکومت کو 5 ہزار فی دن جرمانہ ادا کرنے کا حکم

لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محمد امجد رفیق نے 9 مئی واقعہ کے بعد شہری کو نظر بند کرنے کے حوالے سے بڑا فیصلہ کرلیا

لاہور (خصوصی رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محمد امجد رفیق نے 9 مئی واقعہ کے بعد شہری کو نظر بند کرنے کے حوالے سے بڑا فیصلہ کر لیا۔لاہور ہائیکورٹ نے شہری ابوبکر کو رہا کرنے اور غیر قانونی طور پر حراست میں رکھنے پر حکومت کو روزانہ کی بنیاد پر 5 (بقیہ نمبر29)

## PPP سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی اجلاس 9 مئی کے واقعات پر مذمتی قرارداد منظور

پیپلز پارٹی 9 مئی کو ملک کے مختلف شہروں میں پیش آنے والے واقعات کی پرزور اور بھرپور مذمت کرتی ہے

کراچی (خصوصی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس میں 9 مئی کے واقعات پر مذمتی قرارداد منظور کر لی گئی۔قرارداد میں کہا گیا ہے کہ پیپلز پارٹی 9 مئی کو ملک کے مختلف شہروں میں پیش آنے والے واقعات کی پر زور اور (بقیہ نمبر 17)

قومی احتساب بیورو نیب، کی جانب سے جاری رپورٹ کے مطابق آشیانہ ہاسنگ میں شہباز شریف کے خلاف اختیارات کے ناجائز استعمال کے کوئی ثبوت نہیں ملے

# آشیانہ ہاؤسنگ سکینڈل نیب نے وزیر اعظم کو کلین چٹ دے دی

آشیانہ ہاؤسنگ کے ٹھیکے دینے کے پراسس میں بدعنوانی کے کوئی ثبوت نہیں ملے، آشیانہ پراجیکٹ شروع کرتے وقت سرکاری خزانے کو کوئی نقصان نہیں پہنچا نہ شہباز شریف نے کوئی فوائد حاصل کیے

نیب نے شہباز شریف کی بریت کی درخواست پر جواب احتساب عدالت لاہور میں جمع کرادیا، نیب نے استدعا کی ہے کہ احتساب عدالت لاہور قانون کے مطابق شہباز شریف کی بریت کی درخواست پر فیصلہ کردے

نیب رپورٹ کے مطابق بغیر کسی شکوک وشبہات کے یہ بات ثابت ہورہی ہے کہ سرکاری خزانے کو نقصان نہیں ہوا، کامران کیانی نے بھی سرکار کے خزانے کو نقصان نہیں پہنچایا نہ فواد حسن فواد نے ٹھیکہ دلوانے کے لیے کوئی رشوت لی

لاہور (خصوصی خبر نگار) قومی احتساب بیورو) نیب (نے وزیر اعظم شہباز شریف کو آشیانہ ہاسنگ سکینڈل میں کلین چٹ دے دی۔قومی احتساب بیورو) نیب (کی جانب سے جاری رپورٹ کے مطابق آشیانہ ہاسنگ میں شہباز شریف کے خلاف اختیارات کے ناجائز استعمال کے کوئی ثبوت نہیں ملے، آشیانہ سکینڈل میں شہباز شریف کے خلاف بدنیتی کا کوئی پہلو بھی ثابت نہیں ہوتا۔رپورٹ میں کہا گیا ہے آشیانہ ہاؤسنگ کے ٹھیکے دینے کے پراسس میں بدعنوانی کے کوئی ثبوت نہیں ملے ، آشیانہ (بقیہ نمبر 5)



لاہور: قومی احتساب بیورو) نیب (نے وزیر اعظم شہباز شریف کو آشیانہ ہاسنگ سکینڈل میں کلین چٹ دے دی

## انسداد دہشت گردی عدالت، اسد قیصر کی حاضری سے استثنی کی درخواست دائر

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں سابق سپیکر قومی اسمبلی وتحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر ودیگر کی جانب سے حاضری سے استثنی کی درخواست دائر کردی (بقیہ نمبر 7)

## ابراہیم مراد کا پارکنگ سائٹس پر اوور چارجنگ کرنے والوں سے زیرو ٹالرنس کا اعلان

ترقی یافتہ ممالک کی طرز پر پارکنگ کا نظام بنانے کیلئے سٹریٹیجک اینڈ بزنس پلان بنایا جائے، نگران وزیر بلدیات

لاہور (خبر نگار) نگران وزیر بلدیات ابراہیم مراد نے پارکنگ سائٹس پر اوور چارجنگ کرنے والوں سے زیرو ٹالرنس کا اعلان کیا ہے اور ہدایت کی ہے کہ پارکنگ فیس کے نام پر شہریوں کو لوٹنے والوں کے خلاف سخت ترین ایکشن لیا جائے۔ لاہور میں ترقی یافتہ ممالک کی طرز پر پارکنگ (بقیہ نمبر 8)

## محکمہ ایکسائز ٹیکسیشن و نارکوٹکس کنٹرول کے تمام افسران وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق سروس ڈیلیوری آسان بنائیں بلال افضل

ایکسائز دفاتر سے ٹاٹ مافیا کا خاتمہ حکومت کی اولیں ترجیح ہے۔ان کا کہنا تھا کہ سرکاری دفاتر سروس ڈیلیوری اتنی بہتر کریں، نگران وزیر ایکسائز و مواصلات

افسران بقایا جات کی ریکوری کے اہداف پورے کریں کیونکہ ہدف سے زائد وصولی کرنے والے ملازمین کو انعامات دیں گے۔

لاہور (خصوصی رپورٹر) نگران وزیر ایکسائز و مواصلات پنجاب بلال افضل نے کہا ہے کہ محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و نارکوٹکس کنٹرول کے تمام افسران وزیر اعلی پنجاب محسن نقوی کے ویژن کے مطابق سروس ڈیلیوری آسان بنائیں اور دفتری امور میں زیادہ سے زیادہ شفافیت لائیں۔وہ اپنے (بقیہ نمبر 8)

کراچی: یواے ای سیلاب متاثرین کیلئے گھروں کی تعمیر میں سندھ حکومت کی مدد کرے گا

## دہشتگردوں کو غیر معمولی سہولت کاری پہنچانے پر ایک جج کیخلاف ریفرنس بھیجنے کا فیصلہ

دہشتگردوں کو غیر معمولی سہولت کاری پہنچانے پر ایک جج کے خلاف ریفرنس بھیجا جائے گا

محسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں 9 مئی واقعات میں ملوث شرپسندوں کیخلاف قانونی چارہ جوئی سے متعلق پیشرفت کا جائزہ لیا گیا

لاہور (خصوصی خبر نگار) نگران پنجاب حکومت نے دہشتگردوں کو غیر معمولی سہولت کاری پہنچانے پر ایک جج کیخلاف ریفرنس بھیجنے کا فیصلہ کر لیا۔نگران وزیر اعلی پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں 9 مئی واقعات میں ملوث شرپسندوں کیخلاف قانونی چارہ جوئی سے (بقیہ نمبر 6)

## چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو سارہ احمد نے ہیومن ٹریفکنگ اور جبری مشقت کے حوالے سے منعقدہ سیمینار میں شرکت

لاہور (خبر نگار) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو سارہ احمد نے ہیومن ٹریفکنگ اور جبری مشقت کے حوالے سے منعقدہ سیمینار میں شرکت کی۔انہوں نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہیومن ٹریفکنگ اور چائلڈ ٹریفکنگ اہم مسئلہ ہے۔انہوں نے کہا کہ لوگ ہیومن ٹریفکنگ کا شکار ہوکر مصیبتوں کا سامنا کرتے ہیں (بقیہ نمبر 12)

چودھری سرور نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ حقیقی معنوں میں جمہوری جماعت ہے

## اہم سیاسی شخصیات نے پاکستان مسلم لیگ میں شمولیت کا اعلان کردیا، چودھری شجاعت

پاکستان مسلم لیگ ہر اس شخص کو خوش آمدید کہے گی جو ملک کیلئے مثبت کردار ادا کرنے کا جذبہ رکھتا ہے

لاہور (اسپیشل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ کے صدر وسابق وزیر اعظم چودھری شجاعت حسین اور چیف آرگنائزر پاکستان مسلم لیگ چودھری سرور سے مختلف وفود نے ملاقات کی، ملاقات کے بعد اہم سیاسی شخصیات نے پاکستان مسلم لیگ میں شمولیت کا اعلان کر دیا۔ملاقات میں جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ پنجاب چودھری شافع حسین اور چودھری ذوالفقار موجود تھے۔معروف قانون دان میاں شکیل ٹھاکر نے وفد کے ساتھ چودھری شجاعت اور چودھری سرور سے ملاقات کی۔چودھری شجاعت حسین کی جانب سے میاں شکیل ٹھاکر کو صدر ٹاسک فورس لیگل افیئرز و ترجمان ٹاسک فورس پاکستان مسلم لیگ مقرر کیا گیا، میاں فرید الدین جنرل سیکرٹری ٹاسک فورس لیگل افیئرز پاکستان مسلم لیگ ہوں گے (بقیہ نمبر 10)

## سیاسی اختلافات کا مطلب یہ نہیں کہ سرکاری و عوامی املاک پر حملے کئے جائیں خواجہ آصف

ہم نے گرفتاریوں پر کبھی عسکری وسول تنصیبات پر حملے نہیں کئے، عسکری وسول تنصیبات پر حملے کرنے والے ملک دشمن ہیں

9 مئی کو راولپنڈی، میانوالی، لاہور میں پی ٹی آئی کے مسلح جتھوں نے عسکری تنصیبات پر حملے کئے، وزیر دفاع

اسلام آباد (خبر نگار) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کا کہنا ہے کہ ہمارے سیاسی اختلافات ضرور ہیں لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ سرکاری وعوامی املاک پر حملے کئے جائیں۔وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے عالمی نشریاتی ادارے الجزیرہ سے گفتگو میں کہا ہے کہ 9 مئی کو راولپنڈی، میانوالی، لاہور میں پی ٹی آئی کے مسلح جتھوں نے عسکری تنصیبات پر حملے کئے، پاکستان میں اس سے پہلے بھی گرفتاریاں ہوتی رہی ہیں، میں بھی گرفتار ہوا تھا، میرا لیڈر اور میری سیاسی پارٹی کے کئی لوگ گرفتار ہوئے لیکن ہم نے کبھی تشدد کی سیاست نہیں کی۔وزیر دفاع نے کہا کہ ہم نے گرفتاریوں پر کبھی عسکری وسول تنصیبات پر حملے نہیں کئے، عسکری وسول تنصیبات پر حملے کرنے والے ملک دشمن ہیں۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے شرپسندوں نے سوچے سمجھے منصوبے کے تحت عسکری تنصیبات (بقیہ نمبر13)

## فیصل آباد محلہ مبارک پورہ میں کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش کو گرفتار

اے ایس آئی احمد عمار نے کہا کہ ملزم محمد اسلم ریکارڈ یافتہ ہے اور متعدد بار جیل جاچکا ہے

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) فیصل آباد ایس ایچ او تھانہ سٹی تاندلیانوالہ رانا مغفور کی ہدایت پر اے ایس آئی احمد عمار نے کاروائی کرتے ہوئے محلہ مبارک پورہ میں کارروائی کرتے ہوئے منشیات (بقیہ نمبر 24)

JINNAH HOUSE
World Strong Pak Army Love You
پاک فوج کو سلام
پاک فوج ہمارا فخر
آل پاکستان ریجنل نیوز پیپرز سوسائٹی

## آل پاکستان ریجنل نیوز پیپرز سوسائٹی APRNS کے وفد کا جناح ہاؤس لاہور کا دورہ

پاک فوج کے ساتھ اظہار یکجہتی، بلوائیوں کی طرف سے 9 می کے حملوں کی شدید مزمت

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) APRNS آل پاکستان ریجنل نیوز پیپرز سوسائٹی APRNS کے وفد کا بانی /صدر غلام مرتضی جٹ کی قیادت میں جناح ہاؤس لاہور کا دورہ /وفد کے شرکا صدر APRNS غلام مرتضی جٹ، روزنامہ حاوی رپورٹ، پرچار، اکھ پنجابی لاہور کے چیف ایڈیٹر ندیم خان بھٹی، ایچ ایم جہانگیر چیف ایگزیکٹو ٹرانسپورٹ میڈیا گروپ۔نواب ناظم میو معروف رائٹر، چیف ایڈیٹر روزنامہ سسٹم لاہور۔ہفت روزہ ہجویری اور روزنامہ لوکائی کے ایڈیٹر قمر اعوان اردو میڈیا کے چیف ایگزیکٹو سید محمد فیصل (بقیہ نمبر15)

## صدر APRNS اور مرکزی کابینہ کا محمد رشید ساگر کی والدہ محترمہ کی وفات پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) آل پاکستان ریجنل نیوز پیپرز سوسائٹی APRNS کے بانی صدر غلام مرتضی جٹ اور مرکزی کابینہ نے چیف ایڈیٹر روزنامہ شجاعت گجرات محمد رشید ساگر کی والدہ محترمہ کی وفات پر اظہار تعزیت کیا ہے مرحومہ کیلئے دعائے مغفرت اور ورثا کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے (اناللہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ کیلئے دعائے مغفرت اور ورثا کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے (اناللہ وانا الیہ راجعون)

اسلام آباد: پاکستان کی اسرائیلی قابض حکام کی طرف سے مسجد اقصی پر حملے کی شدید مذمت

## نامور قانون دان عثمان قریشی ایڈووکیٹ کامیابیوں کے سفر پر گامزن

معزز عدالت کا ایڈووکیٹ عثمان قریشی کے مدلل دلائل سے اتفاق، 302 کے مقدمہ میں نامزد ملزمہ کو بری کردیا



گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجرخان بار ایسوسی ایشن کے نامور قانون دان عثمان قریشی ایڈووکیٹ کامیابیوں کے سفر پر گامزن گوجرخان کے مشہور قتل کیس کا فیصلہ معزز عدالت کا عثمان قریشی ایڈووکیٹ کے مدلل دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں نامزد ملزمہ کو باعزت بری کر دیا تھانہ گوجرخان کے قتل کے مقدمہ نمبر 992/19 میں مدعی مقدمہ کی جانب سے (بقیہ نمبر20)

## چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کا پارلیمنٹ ہاؤس کا نام تبدیل کرنے فیصلہ

پارلیمنٹ ہاؤس کا نام تبدیل کرنے کے لیے پارلیمانی کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے

انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہم مل کر اس بامعنی کوشش کا آغاز کر رہے ہیں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے پارلیمنٹ ہاؤس کا نام تبدیل کرنے کے لیے پارلیمانی کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پارلیمنٹ ہاس کا نیا نام ہمارے شاندار ثقافتی ورثے کی عکاسی کرتے ہوئے قومی اقدار کو برقرار رکھے گا، اور ہماری عظیم قوم کے اتحاد کی علامت ہوگا۔ قومی اسمبلی کے سپیکر راجہ پرویز اشرف کو لکھے گئے خط میں چیئرمین سینیٹ نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ سینیٹ اور آئین کی حالیہ گولڈن جوبلی تقریبات نے ہمیں بحیثیت قوم اپنی اجتماعی کامیابیوں پر غور کرنے (بقیہ نمبر 30)

## ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک محمد نواز جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کمر بستہ

منشیات فروش خاتون گرفتار، موٹرسائیکل ڈکیت گینگ سے 8 موٹرسائیکل نقدی برآمد

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک محمد نواز کی سربراہی میں پولیس تھانہ گوجرخان جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کمربستہ پولیس تھانہ گوجرخان نے مخبر خاص کی اطلاع پر اہم کاروائی کرتے ہوئے مثالی گاؤں مطوعہ کی خاتون سے چرس برآمد کرکے اسے گرفتار کرلیا ملزمہ نویدہ بی بی زوجہ محمد ارشاد سکنہ مثالی گاں مطوعہ گوجرخان سے 1470 گرام چرس برآمد (بقیہ نمبر 21)

## اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا اپنے دائرہ اختیار کے حامل مختلف علاقوں میں دورہ

اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے قیمتوں کی چیکنگ کی، پولی تھین بیگز کے غیر مجاز استعمال کا معائنہ کیا

اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے فوڈ اینڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی کرنے پر دو دکانیں سیل کردی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایت اور عوامی شکایات کے ازالے کیلئے اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا اپنے دائرہ اختیار کے حامل مختلف علاقوں میں دورہ، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے قیمتوں کی چیکنگ کی، پولی تھین بیگز کے غیر مجاز استعمال کا معائنہ کیا اور پھلوں (بقیہ نمبر 26)

## آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام پرتکلف ناشتہ کا اہتمام

اپووا، کے زیر اہتمام معروف ڈرامہ نگار اور شاعرہ سدرہ سحر عمران کے اعزاز میں مقامی ہوٹل پر تکلف ناشتہ کا اہتمام کیا

آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن اپنی ادبی خدمات اور منظم لکھاری تنظیم کے طور پر گذشتہ کئی برسوں سے انتہائی فعال ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) معروف ادبی تنظیم آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن) اپووا (کے زیر اہتمام معروف ڈرامہ نگار اور شاعرہ سدرہ سحر عمران کے اعزاز میں مقامی ہوٹل پر تکلف ناشتہ کا اہتمام کیا گیا۔اس موقع پر معروف اداکار حسیب پاشا) ہامون جادوگر (اور روزنامہ جنگ کے کالمنگار ناصر بشیر نے خصوصی شرکت کی ان کے علاوہ تنظیم کے بانی ایم ایم علی، نائب صدر محمد اسلم سیال، میڈیا کو آرڈنیٹر محمد فاروق خان، فنانس سیکرٹری سحرش خان، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری مدیحہ کنول، سینئر نائب صدر خواتین ونگ ریحانہ عثمانی، کالمنگار و سماجی کارکن سیرت نگار نبیلہ اکبر، کالمنگار و سماجی کارکن مریم راشد، ہارر رائٹر فلک زاہد، شامل تھے۔ان کے علاوہ سدرہ سحر عمران کے بھائی ارسلان عمران، گورنر پنجاب سیکرٹریٹ سے آصف محمود، رانا اعجاز، اور محمد اویس نے شرکت کی۔شرکا کی جانب سے سدرہ سحر عمران کو خوش آمدید کہا گیا۔اس موقع پر سدرہ سحر عمران کا کہنا تھا کہ آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن اپنی ادبی خدمات اور منظم لکھاری تنظیم کے طور پر گذشتہ کئی برسوں سے انتہائی فعال ہے۔اس نے ہمیشہ ادب اور ادیب کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے تخلیقیت کی دنیا میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔سینئرز کے لئے اعزازی نشستوں اور پروگرامز کے انعقاد کے ساتھ ساتھ نوآموز لکھاریوں کے لیے مختلف طرز کی ورکشاپس اس تنظیم کا خاصہ ہے۔اس ایسوسی ایشن سے جڑے ہوئے ادیب وشاعر ایک خاندان کی طرح ایک دوسرے سے متعارف رہتے ہیں اور اس میں بلا مبالغہ سب سے اہم کردار تنظیم کے روح رواں ایم ایم علی کا ہے جو رائٹرز کی عزت اور حوصلہ افزائی میں کسی قسم کا کمپرومائز کرنے کے روادار نہیں ہیں۔ انہوں نے پرتکلف ناشتہ کا اہتمام کرنے پر تنظیم کے بانی ایم ایم علی سمیت دیگر عہدیداران وممبران کا شکریہ ادا کیا۔

آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کی طرف سے دیئے گئے ناشتہ کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

## صدر واہ پولیس کی کاروائی، خود کو سرکاری اہلکار ظاہر کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) صدر واہ پولیس کی کاروائی، خود کو سرکاری اہلکار ظاہر کرنے والا ملزم گرفتار۔تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے خود کو سرکاری اہلکار ظاہر کرنے والے ملزم ادریس کو گرفتار (بقیہ نمبر 23)

## سبزی فروٹس اشیا خورد نوش سرکاری نرخنامہ پر دستیاب نہیں

انتظامیہ شہریوں کو ریلیف فراہم کروانے میں بری طرح ناکام

مہنگائی کا جن بے قابو پرائس مجسٹریٹس غائب شہری گراں فروشوں کے رحم وکرم پر شہریوں کا کوئی پرسان حال نہیں

مہنگائی کی چکی میں پسے شہری بلبلا اٹھے شہریوں نے اعلی حکام اور اے سی گوجرخان سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجرخان انتظامیہ مہنگائی میں پسی عوام کو ریلیف دلوانے میں بری طرح ناکام گوجرخان شہر میں گراں فروشی ذخیرہ اندوزی عروج پر سبزی فروٹس کے نرخ آسمان سے باتیں کرنے لگے حتی کہ گندم بھی سرکاری ریٹس پر کہیں بھی دستیاب نہیں مافیاز نے گندم بھی زائد نرخوں پر حاصل کر لی اور غریب منہ دیکھتا رہ گیا اور انتظامیہ خواب خرگوش کے مزے لیتی رہی گوجرخان شہر اور گردونواح میں سبزی فروٹس اور اشیا خوردنوش دیہاڑی دار اور متوسط طبقے کی پہنچ سے دور ہوچکی ہیں سبزی فروٹس کے دکانداروں نے من چاہے ریٹ لگائے ہوئے ہیں پرائس مجسٹریٹس کی عدم موجودگی اور برابر چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کے سبب گراں فروشوں نے شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر دیا کوئی بھی چیز سرکاری ریٹ لسٹ پر دستیاب نہیں جس کا کریڈٹ پرائس مجسٹریٹس کو جاتا ہے جو دفتروں میں بیٹھ کر سب اچھا کی رپورٹس پیش کر کے بری الذمہ ہو جاتے ہیں شہری حلقوں نے کہا سمجھ سے بالاتر ہے گوجرخان میں انتظامیہ موجود ہونے کے باوجود بھی گراں فروشی عروج پر ہے جو (بقیہ نمبر 25)

سبزی فروٹس سرکاری نرخنامہ پر دستیاب نہیں شہری بلبلا اٹھے

سوئی ناردرن گیس Sui Northern Gas | OGRA
/SNGPLofficial Helpline: 1199
حکومتِ پاکستان کے توانائی پلان کے مطابق
اوگرا نے گیزر میں گیس سیور کون کی تنصیب لازمی قرار دے دی*
اوگرا کے احکامات کے تحت
سوئی ناردرن کی ٹیمز نے گیس سیور کون کی گھر گھر تنصیب کا آغاز کر دیا ہے
MANDATORY
یاد رکھیں!
سیور کون نصب نہ کرنے کی صورت میں گیس فراہمی میں دشواری ممکن ہے
آرڈر کیلئے ابھی ہیلپ لائن 1199 پر کال کریں
بل کے ذریعے 12 ماہ کی آسان اقساط میں ادائیگی
PID(L)3352-D
[illegible]

ABC عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

# ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

## ترکیہ کے انتخابات

ترکیہ میں ہونے والے صدارتی انتخابات میں کوئی بھی امیدوار 50 فیصد ووٹ حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہوسکا۔ آخری اطلاعات تک 95 فیصد حتمی نتائج کے مطابق مسلسل 20 سال سے حکمران صدر طیب اردوان قریباً 49 فیصد جبکہ ان کے مخالف کمال قلیچ اوغلو لگ بھگ 45 فیصد ووٹ حاصل کر سکے۔ آئین کے مطابق جیتنے والا امیدوار اگر 50 فیصد ووٹ حاصل نہ کر سکے تو دو ہفتوں کے اندر اندر دوبارہ پولنگ کرانا ضروری ہے۔ 28 مئی کو رن آف الیکشن کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے جس میں زیادہ ووٹ لینے والے دونوں امیدوار مدمقابل ہوں گے۔ انتخابات بڑھتی مہنگائی اور زلزلہ متاثرین کی بحالی کے نعروں پر لڑے گئے۔ ترکیہ کے صدارتی انتخابات میں ہونے والی دوبارہ پولنگ لگ بھگ ایک صدی بعد کسی صدارتی انتخابات میں دوبارہ پولنگ ہوگی۔ ابتدا میں کی گئی گنتی میں صدر اردوان کو 59 ووٹوں کے ساتھ برتری حاصل تھی تاہم جوں جوں گنتی آگے بڑھی یہ برتری کم ہوتی چلی گئی۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ استنبول میں قلیچ اوغلو کو اردوان پر معمولی برتری حاصل رہی تاہم زلزلہ زدہ 11 صوبوں میں سے نو نے اردوان کے حق میں ووٹ دیئے۔ دوسری جانب پارلیمنٹ کی 600 نشستوں کے انتخابات کے لئے بھی پولنگ مکمل ہو چکی ہے، جس کے مطابق طیب اردوان کے پیپلز الائنس کو 326 نشستوں کے ساتھ برتری حاصل ہے جبکہ اپوزیشن کا نیشنل الائنس 213 سیٹیں حاصل کر پایا ہے۔ انتخابات کا ٹرن آؤٹ 89 فیصد رہا، زلزلہ زدہ 11 صوبوں میں کنٹینرز کے اندر پولنگ سٹیشن بنائے گئے تھے، انتخابی عمل انتہائی پرامن ماحول میں مکمل ہوا۔ ترکیہ میں چند ماہ قبل آنے والے شدید زلزلے نے پورے ملک کو ہلا کر رکھ دیا تھا۔ بین الاقوامی جائزوں کے مطابق ترکی کو حالیہ ناگہانی آفت سے پہنچنے والے نقصانات کا اندازہ 20 ارب ڈالر بتایا گیا ہے جو کہ ترکی کی مجموعی قومی پیداوار کا 10 فیصد بنتا ہے۔ اِس ناگہانی آفت کے بعد پورے ملک میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی، زلزلہ متاثرین کی بحالی کا عمل تیزی سے جاری ہے اور اِس میں حکومت اور بین الاقوامی ادارے مصروفِ عمل ہیں۔ ترکیہ کے زلزلے کے سب سے زیادہ اثرات اِس کی معیشت پر مرتب ہوئے تاہم یہ تمام آفات ومشکلات بھی ترکیہ میں جاری جمہوریت کے تسلسل کو متاثر نہ کرسکیں۔ صدر طیب اردوان نے زلزلہ زدہ صوبوں کی تباہی اور معیشت کا سہارا لے کر انتخابات کو ملتوی کرنے کے بجائے مقررہ تاریخ ہی پر کرانے کا اعلان کیا۔ موجودہ انتخابات کے دوران زلزلے سے متاثرہ صوبوں کے عوام نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ صدارتی امیدواروں کے درمیان کانٹے کا مقابلہ دیکھنے میں آیا تاہم کسی جگہ سے دھاندلی کا شور بلند ہوا نہ لڑائی جھگڑے اور الزامات سے ماحول آلودہ ہوا۔ طیب اردوان ایک فیصد سے بھی کم ووٹوں کی کمی کے باعث صدر منتخب نہ ہوسکے، دونوں امیدواروں نے نتائج کو تسلیم کیا، تمام اداروں نے اپنی آئینی حدود میں رہ کر اپنے فرائض انجام دیئے۔ ترکیہ کے انتخابات بطور قوم ہمارے لئے بھی پیغام لئے ہوئے ہیں جس نظم وضبط کے ساتھ تباہ حال انفراسٹرکچر والے ترک عوام نے انتخابات میں حصہ لے کر اپنے آئینی حق کا استعمال کیا اس نے ان کے اعتماد اور اعتبار میں اضافہ کیا۔ پاکستانی سیاست دانوں کو اس سے سبق سیکھنے کی ضرورت ہے۔ ہماری سیاسی قیادتوں نے خود کو اناں کے ایسے قلعے میں بند کر دیا ہے جس کے دروازے مذاکرات کے لئے بھی نہیں کھل پا رہے۔ 75 سال گزرنے کے باوجود ہم اداروں کو آئین کے دائرے میں رہ کر اپنے فرائض انجام دینے کا پابند نہیں بنا سکے۔ وہ فیصلے جو آئین کے دائرہ کار میں ہوسکتے ہیں ہم انہیں بھی سڑکوں پر کرانے پر بضد ہیں۔ وقت ہاتھ سے نکلتا چلا جا رہا ہے۔ اب بھی وقت ہے کہ ہم خود پر اور ملک پر رحم کریں، حالات کی سنگینی کا ادراک کریں۔ آئندہ انتخابات کی تاریخ پر اتفاق کریں اور ان کے متفقہ انعقاد کو یقینی بنائیں۔ جمہوری تسلسل ہی قوموں کے وقار اور اعتماد کی علامت ہے۔

ترکیہ میں ہونے والے صدارتی انتخابات میں کوئی بھی امیدوار 50 فیصد ووٹ حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہوسکا۔ آخری اطلاعات تک 95 فیصد حتمی نتائج کے مطابق مسلسل 20 سال سے حکمران صدر طیب اردوان قریباً 49 فیصد جبکہ ان کے مخالف کمال قلیچ اوغلو لگ بھگ 45 فیصد ووٹ حاصل کر سکے۔ آئین کے مطابق جیتنے والا امیدوار اگر 50 فیصد ووٹ حاصل نہ کر سکے تو دو ہفتوں کے اندر اندر دوبارہ پولنگ کرانا ضروری ہے۔ 28 مئی کو رن آف الیکشن کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے جس میں زیادہ ووٹ لینے والے دونوں امیدوار مدمقابل ہوں گے۔ انتخابات بڑھتی مہنگائی اور زلزلہ متاثرین کی بحالی کے نعروں پر لڑے گئے۔ ترکیہ کے صدارتی انتخابات میں ہونے والی دوبارہ پولنگ لگ بھگ ایک صدی بعد کسی صدارتی انتخابات میں دوبارہ پولنگ ہوگی۔ ابتدا میں کی گئی گنتی میں صدر اردوان کو 59 ووٹوں کے ساتھ برتری حاصل تھی تاہم جوں جوں گنتی آگے بڑھی یہ برتری کم ہوتی چلی گئی۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ استنبول میں قلیچ اوغلو کو اردوان پر معمولی برتری حاصل رہی تاہم زلزلہ زدہ 11 صوبوں میں سے نو نے اردوان کے حق میں ووٹ دیئے۔ دوسری جانب پارلیمنٹ کی 600 نشستوں کے انتخابات کے لئے بھی پولنگ مکمل ہو چکی ہے، جس کے مطابق طیب اردوان کے پیپلز الائنس کو 326 نشستوں کے ساتھ برتری حاصل ہے جبکہ اپوزیشن کا نیشنل الائنس 213 سیٹیں حاصل کر پایا ہے۔ انتخابات کا ٹرن آؤٹ 89 فیصد رہا، زلزلہ زدہ 11 صوبوں میں کنٹینرز کے اندر پولنگ سٹیشن بنائے گئے تھے، انتخابی عمل انتہائی پرامن ماحول میں مکمل ہوا۔ ترکیہ میں چند ماہ قبل آنے والے شدید زلزلے نے پورے ملک کو ہلا کر رکھ دیا تھا۔ بین الاقوامی جائزوں کے مطابق ترکی کو حالیہ ناگہانی آفت سے پہنچنے والے نقصانات کا اندازہ 20 ارب ڈالر بتایا گیا ہے جو کہ ترکی کی مجموعی قومی پیداوار کا 10 فیصد بنتا ہے۔ اِس ناگہانی آفت کے بعد پورے ملک میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی، زلزلہ متاثرین کی بحالی کا عمل تیزی سے جاری ہے اور اِس میں حکومت اور بین الاقوامی ادارے مصروفِ عمل ہیں۔ ترکیہ کے زلزلے کے سب سے زیادہ اثرات اِس کی معیشت پر مرتب ہوئے تاہم یہ تمام آفات ومشکلات بھی ترکیہ میں جاری جمہوریت کے تسلسل کو متاثر نہ کرسکیں۔

## 9 مئی ایک سیاہ باب

### محمد علی یزدانی

9 مئی کو پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین باب کہا جا رہا ہے تو اس میں کوئی دورائے ہے ہی نہیں کہ یہ پاکستان کی 75 سالہ تاریخ میں ایک تاریک دن تھا جب ایک سیاسی جماعت کے کارکنان نے اپنے رہنما کی گرفتاری پر پاکستان کی فوجی املاک پر حملے کئے، لاہور کے کور کمانڈر کے گھر کو نذر آتش کر دیا) یہ وہ گھر ہے جو قائداعظم محمد علی جناح کا گھر ہے جو انہوں نے اپنی رہائش کیلئے لاہور میں خریدا تھا جو بعد میں ملٹری کے حوالے کر دیا گیا اور پھر کور کمانڈر لاہور کو یہ گھر تفویض کیا گیا(۔ پاکستان میں پہلے بھی متعدد سیاسی رہنما گرفتار ہوئے، سولی چڑھ گئے، شہید ہوئے لیکن کسی سیاسی جماعت کے کارکنان نے اس طرح کی حرکت کا ارتکاب نہیں کیا کہ جس پر دشمن بھی خوشی کے شادیانے بجائے۔ ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی چڑھا دیا گیا لیکن پاکستان پیپلز پارٹی کے کسی سیاسی کارکن نے کسی فوجی تنصیبات پر حملے نہیں کئے، حملے تو کجا کہا جاتا ہے کہ کسی فوجی کی طرف انگلی تک نہیں اٹھائی گئی حالانکہ تب ایک آمر کی حکومت کا وجود تھا۔ پھر اس کے بعد جمعیت اہلحدیث پاکستان کے سربراہ علامہ احسان الٰہی ظہیر کو بم دھماکے میں دشمن قوتوں نے شہید کر دیا، اس وقت علامہ شہید کا جنرل ضیاء الحق کی حکومت سے اختلاف تھا اور بعض لوگوں نے اس وقت اس واقعہ کا ذمہ دار اس وقت کی حکومت کو ٹھہرایا لیکن جمعیت اہلحدیث کے کارکنان پورے پاکستان میں نکلے اور پرامن احتجاج کیا کسی املاک کو نذر آتش نہیں کیا اور نہ ہی فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا۔ اسی طرح اس کے بعد بے نظیر اور نواز شریف متعدد بار گرفتار ہوئے جیلوں میں گئے، پیشیاں بھگتیں لیکن ان کے کارکنان نے قانون کو ہاتھ میں نہیں لیا۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ گرفتاریاں تو سیاسی رہنماں کیلئے ایک اعزاز کی بات سمجھی جاتی ہے اور برصغیر کی سیاست میں تو اس کو سیاسی رہنما ہی نہیں مانا جاتا جو کبھی جیل نہ گیا ہو جس نے گرفتاری نہ دی ہو لیکن تحریک انصاف کے قائد شاید پاکستان کے پہلے سیاسی رہنما ہیں جو نہ صرف جیل جانے سے ڈرتے ہیں بلکہ اپنے کارکنان کو اکساتے بھی ہیں کہ ان کی گرفتاری پر ملک بھر میں نکلیں یہ جہاد کا وقت ہے اور بعد میں اپنے کارکنان سے ہی لاتعلقی اختیار کر لیتے ہیں۔ جس طرح کی حرکت نو مئی والے دن ہوئی ہے اس پر اگر بھارت کے میڈیا پر نظر ڈالیں تو وہاں خوشی کا سماں ہے اور پاک آرمی کے خلاف اداریے لکھے جا رہے ہیں اور خوشی منائی جا رہی ہے کہ جو کام بھارت نہیں کر سکا ایک سیاسی جماعت کے کارکنان نے کر دکھایا ہے۔ نو مئی کے دن جو ہوا اس کے بعد ہمارے ریاستی اداروں کو بھی ہوش سے کام لینا چاہئے اور نرمی کا مظاہرہ چھوڑ دینا چاہئے کیوں کہ اگر آج ان لوگوں کو چھوٹ دی گئی تو کل کو یہ ایک طریقہ کار بن جائے گا کہ فوجی تنصیبات پر حملے کرو، کور کمانڈر کے گھر کو نذر آتش کرو، ایم ایم اعالم کے جہاز کو جلا، جی ایچ کیو کے گیٹ کو توڑ و اور آرام سے گھر جا کر سو جا کوئی بھی آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔

## متشدد سوچ کی جماعتیں

### ندیم اختر ندیم

آر آر ایس ایس) راشٹریہ سوائم سیوک سنگھ ( بھارت کی ایک ہندو تنظیم ہے جو خود کو قوم پرست قرار دیتی ہے لیکن تاریخ شاہد ہے کہ یہ کتنی بڑی دہشت گرد جماعت ہے جو فرقہ وارانہ فسادات میں سب سے آگے ہے تقسیم سے قبل بھی برطانیہ نے اس تنظیم کی متشدد سوچ کے پیش نظر اس پر پابندی لگائی اور تقسیم کے بعد بھی تین بار بھارت کی حکومت نے اس تنظیم کو ممنوعہ قرار دیا۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران یہ جماعت یہودیوں کے بارے میں ایڈولف ہٹلر اور مسولینی کے نسل پرستانہ رویئے کی معترف رہی اور یہودیوں کی ایک الگ ریاست کی بھی زبردست حامی رہی۔ اسی تنظیم کے ایک رکن نے گاندھی کو قتل کیا نہرو واضح طور پر اور برملا اس تنظیم کی سوچ کو منفی قرار دے چکے ہیں جن کی سوچ نازیوں سے مشابہ ہے اس تنظیم کی اپنی فوج ہے جو بھارت سمیت دنیا کے کئی ممالک میں پھیلی ہوئی ہے بھارت اور مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوج کے ساتھ مل کر اس تنظیم کے کارکن مسلمان بیٹیوں کی عصمتوں کو پامال کر رہے ہیں اور مسلم نوجوانوں کو سرعام قتل کیا جاتا ہے نریندر مودی جب آٹھ سال کا بچہ تھا تو وہ اس تنظیم کا رکن رہا یہی وجہ ہے کہ آج مودی اپنی تنظیم کی پالیسیوں پہ عمل پیرا ہے ایسی دہشت گرد تنظیم اپنے ملک کے باسیوں اور دوسروں میں کوئی تفریق کئے بغیر بے گناہوں کا خون بہاتی ہے جس سے شائدان کی شیطانی طبیعت کی کیفیت بدلتی ہے جس سے اسے قرار ملتا ہے جیسے کوئی جانور چیر پھاڑ سے سکون پاتا ہے ایسے ہی اس جماعت کے کارکنوں کو معصوموں کا خون بہا کر تسکین ملتی ہے ایسی جماعتیں دنیا میں اپنے غلط موقف کو درست ثابت کرنے میں ہمیشہ ناکام رہتی ہیں لیکن اپنے موقف سے پیچھے بھی نہیں ہٹتیں اور سمجھتی ہیں کہ وہ درست ہیں 27 ستمبر 1925 کو بننے والی اس تنظیم کی تقریباً سوسالہ تاریخ اس کے فرقہ وارانہ فسادات اور مسلم بے گناہوں کے قتل عام کی گواہ ہے ایسی جماعت کوئی بھی ہو دنیا میں انتہا پسند جماعت کے نام سے جانی جاتی ہے میرے پیارے وطن پاکستان میں بھی ایک جماعت ہے جو سیاسی انتہا پسندی کو پہنچ چکی ہے، جس کا چیئرمین سوچتا ہے کہ وہ جو کر رہا ہے وہ درست ہے باقی سب غلط ہے، حالانکہ درست اور غلط کا فیصلہ کوئی بھی شخص خود نہیں کر سکتا اس کے لئے ایک پیمانہ مقرر ہے کہ وقت کے ترازو پر جس کے کردار، اخلاق اور ملکی وملی خدمت کا پلڑا بھاری ہو وہی سرخرو ہوتا ہے پاکستان میں اس جماعت کے چیئرمین کی تاریخ گواہ ہے اس نے آج تک جو کہا کہہ کے پھر گیا اور نہ صرف پھر گیا بلکہ اپنی ہی بات سے پھر جانے کو اس نے درست قرار بھی دے دیا اس جماعت کے اقتدار میں آنے سے پہلے، اقتدار میں رہتے ہوئے اور اقتدار سے محرومی کے بعد اسکے چیئرمین نے جو کیا جو کہا وہ ٹھیک ہے کہ نہیں اسکا فیصلہ بھی وقت پر رکھتے ہیں، لیکن 9 مئی کو اس جماعت کے چیئرمین کی نیب کی جانب سے گرفتاری پر پاکستان میں اسکے کارکنوں کی طرف سے جو حشر اٹھایا گیا وہ ایسے ہی جیسے آر ایس ایس کی منفی سوچ سرحدیں پھلانگتی ہوئی ان کارکنوں میں آ پہنچی ہے آپ سوچیے کون اپنی ماں کی چھاتی سے چادر چھین کر اسے سربازار رسوا کرتا ہے؟ 9 مئی کو ایسا ہی تو ہوا ہے کہ میری دھرتی ماں کے سینے پر جو ظلم کی تاریخ رقم کی گئی سب نے دیکھا۔ افغانستان کے شہروں کابل اور مزار شریف کے رہائشیوں کو پاکستان پر حملہ آور ہونے کے لئے لایا گیا یہ بات بھی یاد رہے کہ انگلینڈ میں میرے ملک کی اسی جماعت کے کارکنوں کے ساتھ مل کر بھارت کے شہریوں نے افواج پاکستان اور پاکستان کے خلاف نعرے بازی کی اور 9 مئی کو بھارت کے پاکستان کے خلاف دیکھے جانے والوں خوابوں نے تعبیر پائی کہ فوجی تنصیبات پر حملے تو دشمن کا کام ہے ہم وطن تو ایسا نہیں کرتے، لیکن صد افسوس میرے ہم وطنوں کو اس گھناؤنے جرم کے ارتکاب پر اکسایا گیا انہیں پاکستان کے خلاف کھینچ کر میدان میں لایا گیا اور لانے والوں کی فوٹیج بھی سب کے سامنے ہیں سب نے انہیں دیکھا سب نے سنا سکولز تو دہشت گرد جلاتے ہیں ایمبولینسوں کو آگ بھی کوئی ہم وطن نہیں لگا سکتا سینکڑوں مویشیوں کو زندہ جلانا بھی کسی نارمل آدمی کا کام نہیں اور تو اور پاک فضائیہ کے ہیرو ایم ایم عالم کا طیارہ جلا دیا گیا جس نے دشمن کے پانچ جہاز مار گرائے۔ جی ایچ کیو اور جناح ہاس پر یلغار بھی ملک دشمنوں کا کام ہے ایک محبِ وطن پاکستانی کی ایسا سوچتے ہوئے بھی روح کانپ اٹھے لیکن ان ظالموں کے تو ہاتھ بھی نہیں کانپے قیام پاکستان کے بعد پہلی بار ایسا ہوا ہے کہ پاکستان کے لئے جانیں قربان کرنے والوں کی توہین کی گئی ہے یہ کلپ بھی سوشل میڈیا پر گردش کر رہا ہے کہ کیپٹن کرنل شیر خان شہید نشانِ حیدر جس نے 5 دن بھوک پیاس کو برداشت کرتے ہوئے کارگل پوسٹ پہ پورے انڈین آرمی ڈویژن کے بڑھتے قدموں کو روکے رکھا اس عظیم شہید کے جسد خاکی کو جب کارگل سے نیچے اتارا گیا تو انڈین کور کمانڈر نے لاش مسخ کرنے اور توہین کرنے سے روکا اور گھر سے چندن منگوا کر شیر خان کی داڑھی پہ لگایا اور ایک پرچی شیر خان شہید کی جیب میں ڈال دی جس پر لکھا تھا میں بطور انڈین کور کمانڈر پاکستان حکومت کو ریکمنڈ کرتا ہوں کہ اس بہادر جوان کو نشان حیدر سے نوازا جائے۔ اس بہادر شہید سپوت کے مجسمے کا سر پی ٹی آئی کے فالورز جدا کر کے بے شرمی سے مجسمے کے ٹکڑے کرتے ہیں۔ انڈین نیشنل میڈیا اسے ویل ڈن پی ٹی آئی ویل ڈن خان صاحب کہتا ہے تو اور کیا پیچھے رہ جاتا ہے؟ پیچھے اب یہی رہ جاتا ہے کہ خدانخواستہ انڈیا پاکستان پر حملہ کر دے تو پی ٹی آئی کے ورکر بھارتی فوج کے شانہ بشانہ ہوں اور ان ورکرز کی حقیقت کو بھی لوگ جانتے ہیں کہ جب اس جماعت کے دھرنوں میں رنگین افسانوں نے جنم لیا، لیکن ان افسانوں کے ذکر کا کالم متحمل نہیں ہو سکتا۔

## ریاست کے باغیوں کے خلاف ریاستی شکنجہ

### مصطفیٰ کمال پاشا

9/10 مئی کو جو کچھ ہوا انتہائی افسوس ناک ہی نہیں بلکہ خوفناک بھی ہے ایک جماعت جو اپنے آپ کو سیاسی کہتی ہے، کے لوگوں نے ریاستِ پاکستان پر، اس کی عظمت اور طاقت کے نشانوں پر حملہ کیا۔ جی ایچ کیو، کور کمانڈر ہاس لاہور، سرگودھا اور میانوالی ایئر بیسز اور آئی ایس آئی کے دفتر پر حملہ کیا۔ جناح ہاس مکمل طور پر جلا کر تباہ کر دیا گیا۔ عمران خان کی گرفتاری کے جواب میں ایسا کیا گیا یہ کوئی فوری یا اچانک ردعمل کا نتیجہ نہیں بلکہ طے شدہ منصوبہ سازی کا حصہ تھا۔ پی ٹی آئی کی قیادت نے اس کی قبل از وقت منصوبہ سازی کر رکھی تھی۔ ٹارگٹ طے شدہ تھے انہوں نے مکمل منصوبہ سازی کے ساتھ اہداف کو نشانہ بنایا اور ریاست کی کمزوری اور ناتوانی کا تاثر پیدا کرنے کی شعوری کوشش کی۔ عمران خان ایک عرصے سے نہیں بلکہ روز اول سے ہی طاقت گالی گلوچ اور دھونس دھاندلی کی سیاست کو فروغ دیتے رہے ہیں۔ انہوں نے پی ٹی آئی کی صفوں میں ایک مخصوص ترتیب قائم کی ہے۔ ایک خاص قسم کا کلچر پروان چڑھایا ہے۔ ایک پوری نسل اس کلچر میں پل بڑھ کر تیار ہو چکی ہے اور اب وہ اہداف کے حصول کے لئے کام میں لائی جا رہی ہے۔ 9/10 مئی کو اس کی ایک جھلک ہی نہیں بلکہ پوری فلم دیکھنے کو ملی ہے۔ ظاہر ہے یہ ایک خوفناک فلم ہے۔ ہارر موی ہے جس نے پوری قوم پر کپکپی طاری کر دی ہے۔ حیرت اور بے چارگی، تاثر پختہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ عمران خان نے ببانگِ دہل کہا ہے کہ مجھے اگر دوبارہ گرفتار کیا گیا تو پھر ایسا ہی ہوگا۔ وہ دندناتے اور للکارتے پھر رہے ہیں، دوڑ بھاگ کر رہے ہیں، انہیں ہمارے سپریم کورٹ چیف ویلکم کرتے دکھائی دے رہے ہیں انہیں مکمل طور پر تحفظ فراہم کرنے کے لئے سپریم کورٹ کے بعد اسلام آباد ہائی کورٹ بنچ نے حکم جاری کیا ہے کہ عمران خان کو کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہیں کیا جائے انہیں ایسے مقدمات میں بھی ضمانت فراہم کر دی گئی ہے جو ابھی درج بھی نہیں ہوئے ہیں۔ چیف صاحب انہیں کہتے ہیں کہ ویلکم۔ آپ کو دیکھ کر خوشی ہوئی کیا کسی عدالت نے کسی ملزم کو ویلکم کیا ہے، کرپشن کے کیس میں پیشی کے وقت ملزم کو خوش آمدید کہنا کیا تاثر دیتا ہے۔ ہماری سپریم کورٹ کے کچھ جج اپنے کنڈکٹ سے عدالت کی توہین کے مرتکب ہوئے ہیں۔ ایسا پہلی مرتبہ نہیں ہوا بلکہ وہ ایک عرصے سے ایسا کر رہے ہیں۔ عمران خان کی محبت میں یا کسی اور وجہ کی بنیاد پر وہ ایسا کرتے چلے آ رہے ہیں۔ عدالت کی بے توقیری کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ دوسری طرف حکومت اور ریاست کا رویہ بھی بہت زیادہ قابلِ ستائش نظر نہیں آ رہا، بلوائیوں اور شرپسندوں کو گل کھلانے کی اجازت دینا، انہیں آہنی ہاتھوں سے روکنے کی کاوشوں کا نظر نہ آنا بھی شرمناک منظر ہے۔ ہم نے تو سنا ہے پڑھا ہے کہ ریاست کی طاقت لامحدود ہوتی ہے اس سے ٹکرانا اور جیتنا ناممکن ہوتا ہے لیکن 9/10 مئی کو ہم نے پی ٹی آئی کے بلوائیوں اور تخریب کاروں کے ہاتھوں ریاست کو ناکام ہوتے دیکھا ریاست و حکومت کہیں نظر نہیں آئی۔ کور کمانڈر ہاس کے سامنے پی ٹی آئی کے بلوائیوں کو جمع ہوتے، نعرے لگاتے، ہم نے دیکھا وہ اتنے زیادہ نہیں تھے کہ انہیں منتشر کرنا ممکن نہ ہوتا۔ پہلا سوال تو یہ ہے کہ وہ ایسی حساس جگہ تک پہنچے ہی کیسے؟ لاہور چھاؤنی کا علاقہ ہماری آرمی کے کنٹرول میں ہوتا ہے۔ بلوائی سکیورٹی حصار کو بائی پاس کر کے یہاں تک کیسے پہنچے؟ پھر کور کمانڈر ہاس تو اور بھی زیادہ حساس جگہ ہے۔ بلوائی اس کے سامنے 4 گھنٹوں تک نعرہ زن ہے انہیں منتشر کرنے کی کوشش کیوں نہیں کی گئی؟ انہیں ہاس کو جلانے اور مکمل تباہی تک وہاں دندنانے کی کھلی چھٹی کیوں دی گئی؟ ریاست نے مکمل بے بسی کا مظاہرہ کیوں کیا؟ اتنے دن گزر جانے کے باوجود ریاست ابھی تک قراردادیں منظور کرنے سے آگے نہیں بڑھی ہے، گرفتاریاں تو بڑے زور و شور سے ہو رہی ہیں لیکن عدالتیں ملزمان کی رہائیوں کے دھڑا دھڑ آرڈر بھی جاری کر رہی ہیں۔ عمران خان کاؤنٹر پروپیگنڈے کے ذریعے اپنی مظلومیت اور حکومت کی کمزوری کا تاثر پختہ کرنے میں مصروف ہیں۔ عمران خان کی گھن گرج میں کمی نظر نہیں آ رہی ہے۔ گرفتاریوں کو انتقامی سیاست کا نام دے کر یہ تاثر پختہ کر رہے ہیں کہ حکومت انتہائی غیر مقبول ہو چکی ہے۔ عوامی اعتماد کھو چکی ہے اس لئے اعلان کردہ انتخابات سے فرار چاہتی ہے۔ عمران خان کیونکہ مقبول ہیں، ان کی عوامی پذیرائی بام عروج پر ہے۔ یہ عمومی تاثر ہے جسے حکومت کی کارکردگی پختہ کر رہی ہے۔ گزرے 13/14 مہینوں کے دوران حکومت نے انتہائی مایوس کن کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ بالخصوص معاشی میدان میں تو بس اللہ ہی اللہ ہو گئی ہے یہ بات درست ہونے کے باوجود کہ حکومت نے ملک کو ڈیفالٹ ہونے سے بچا لیا ہے لیکن ڈیفالٹ کا خطرہ ہنوز موجود ہے۔ دوسری طرف مہنگائی ہے کہ قابو میں نہیں آ رہی ہے۔ طلب و رسد کا نظام حکومتی گرفت میں نہیں ہے۔ حکومتی ترجیحات میں عوام کو ریلیف دینا کہیں خال خال ہی نظر آتا ہے۔ اشیاء ضروریہ اور اشیاء خورونوش کی قیمتیں حقیقتاً آسمان کو چھو رہی ہیں مہنگائی کی شرح پوری دنیا کے مقابلے میں ہمارے ہاں سب سے زیادہ ہے ڈالر کی اڑان اپنی جگہ مہنگائی کی اڑان تاریخی حیثیت اختیار کر چکی ہے۔ عوامی معیشت کے ڈیفالٹ ہونے کا تاثر پختہ ہو چکا ہے۔ 9/10 مئی کے واقعات نے جہاں عمران خان کی ملک دشمن سیاست کا چہرہ بے نقاب کر دیا وہیں حکومت اور ریاست کی کمزوری و ناتوان کو بھی الم نشرح کر دیا ہے ابھی تک سوائے گرفتاریوں کے اور زبردست اعلامیوں کے اور کچھ ٹھوس اقدامات نہیں اٹھائے گئے ہیں۔ عمران خان اپنی پروپیگنڈہ مشینری کے ذریعے واقعات کو اور ہی رنگ دینے کی کاوشوں میں مصروف ہیں۔ حکومت زمان پارک میں چھپے 40 دہشت گردوں کی گرفتاری کے حوالے سے بھی اپنی ناتوانی کے تاثر کو پختہ کر رہی ہے جبکہ عمران خان حکومتی اعلان کو جھٹلانے میں مصروف ہیں کیا ریاست پر حملہ آوروں کی گرفتاری کے لئے ایسا ہی رویہ اختیار کیا جانا چاہیے جیسا کہ ہماری صوبائی حکومت نے اختیار کر رکھا ہے؟ ابھی تک ایسے دہشت گردوں، ان کے سرپرستوں اور سہولت کاروں کے خلاف حکومتی و ریاستی رویہ افسوسناک ہے سانپوں اور سنپولیوں کو بند نہیں کیا جاتا انہیں کچلا جاتا ہے بغیر انتظار کے، بغیر رحم کے، عمران خان ان کی سیاست اور ان کے سہولت کار ریاست پاکستان کے باغی ہیں ان کے ساتھ کسی قسم کی نرمی، رحم یا کمزوری، ریاست پاکستان کے ساتھ ناانصافی ہوگی اس لئے جس قدر جلد ہو باغیوں کا قلع قمع کیا جانا چاہیے۔

9/10 مئی کو جو کچھ ہوا انتہائی افسوس ناک ہی نہیں بلکہ خوفناک بھی ہے ایک جماعت جو اپنے آپ کو سیاسی کہتی ہے، کے لوگوں نے ریاستِ پاکستان پر، اس کی عظمت اور طاقت کے نشانوں پر حملہ کیا۔ جی ایچ کیو، کور کمانڈر ہاس لاہور، سرگودھا اور میانوالی ایئر بیسز اور آئی ایس آئی کے دفتر پر حملہ کیا۔ جناح ہاس مکمل طور پر جلا کر تباہ کر دیا گیا۔ عمران خان کی گرفتاری کے جواب میں ایسا کیا گیا یہ کوئی فوری یا اچانک ردعمل کا نتیجہ نہیں بلکہ طے شدہ منصوبہ سازی کا حصہ تھا۔ پی ٹی آئی کی قیادت نے اس کی قبل از وقت منصوبہ سازی کر رکھی تھی۔ ٹارگٹ طے شدہ تھے انہوں نے مکمل منصوبہ سازی کے ساتھ اہداف کو نشانہ بنایا اور ریاست کی کمزوری اور ناتوانی کا تاثر پیدا کرنے کی شعوری کوشش کی۔ عمران خان ایک عرصے سے نہیں بلکہ روز اول سے ہی طاقت گالی گلوچ اور دھونس دھاندلی کی سیاست کو فروغ دیتے رہے ہیں۔ انہوں نے پی ٹی آئی کی صفوں میں ایک مخصوص ترتیب قائم کی ہے۔ ایک خاص قسم کا کلچر پروان چڑھایا ہے۔ ایک پوری نسل اس کلچر میں پل بڑھ کر تیار ہو چکی ہے اور اب وہ اہداف کے حصول کے لئے کام میں لائی جا رہی ہے۔ 9/10 مئی کو اس کی ایک جھلک ہی نہیں بلکہ پوری فلم دیکھنے کو ملی ہے۔ ظاہر ہے یہ ایک خوفناک فلم ہے۔ ہارر موی ہے جس نے پوری قوم پر کپکپی طاری کر دی ہے۔ حیرت اور بے چارگی، تاثر پختہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ عمران خان نے ببانگِ دہل کہا ہے کہ مجھے اگر دوبارہ گرفتار کیا گیا تو پھر ایسا ہی ہوگا۔ وہ دندناتے اور للکارتے پھر رہے ہیں، دوڑ بھاگ کر رہے ہیں، انہیں ہمارے سپریم کورٹ چیف ویلکم کرتے دکھائی دے رہے ہیں انہیں مکمل طور پر تحفظ فراہم کرنے کے لئے سپریم کورٹ کے بعد اسلام آباد ہائی کورٹ بنچ نے حکم جاری کیا ہے کہ عمران خان کو کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہیں کیا جائے انہیں ایسے مقدمات میں بھی ضمانت فراہم کر دی گئی ہے جو ابھی درج بھی نہیں ہوئے ہیں۔ چیف صاحب انہیں کہتے ہیں کہ ویلکم۔ آپ کو دیکھ کر خوشی ہوئی کیا کسی عدالت نے کسی ملزم کو ویلکم کیا ہے، کرپشن کے کیس میں پیشی کے وقت ملزم کو خوش آمدید کہنا کیا تاثر دیتا ہے۔ ہماری سپریم کورٹ کے کچھ جج اپنے کنڈکٹ سے عدالت کی توہین کے مرتکب ہوئے ہیں۔ ایسا پہلی مرتبہ نہیں ہوا بلکہ وہ ایک عرصے سے ایسا کر رہے ہیں۔ عمران خان کی محبت میں یا کسی اور وجہ کی بنیاد پر وہ ایسا کرتے چلے آ رہے ہیں۔ عدالت کی بے توقیری کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ دوسری طرف حکومت اور ریاست کا رویہ بھی بہت زیادہ قابلِ ستائش نظر نہیں آ رہا، بلوائیوں اور شرپسندوں کو گل کھلانے کی اجازت دینا۔

# شوبز SHOWBIZ

## شاہ رخ گوری کی عمر بھول گئے، اہلیہ کو تصحیح کرنی پڑ گئی

### گوری ابھی 37 برس کی ہیں، ہمارے خاندان میں عمریں پیچھے کی جانب جاتی ہیں، شاہ رخ

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کے کنگ خان، شاہ رخ کی اہلیہ گوری خان جو پیشے کے اعتبار سے انٹیریئر ڈیزائنر ہیں انہوں نے اپنے پیشہ ورانہ زندگی کے آغاز کے حوالے سے اپنی عمر کے بارے میں شاہ رخ خان کی تصحیح کر دی۔ گوری خان کی کتاب "مائی لائف ان ڈیزائن" کی تقریب رونمائی پر خطاب کے دوران شاہ رخ خان نے بتایا کہ گوری نے کس طرح کام شروع کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے شاہ رخ خان نے انکشاف کیا کہ انہوں نے گوری کو مدد کی پیشکش کی لیکن انہوں نے اس کو قبول نہیں کیا۔

## کانز فلم فیسٹیول میں سارا خان کے مشرقی لباس اور اروشی کی جیولری کے چرچے

### فلمی میلے میں سیف علی خان کی صاحبزادی سارہ علی خان نے پہلی مرتبہ شرکت کی

کانز (شوبز نیوز) 76 ویں کانز فلمی میلے میں بھارتی اداکارہ سارہ علی خان کے روایتی انداز کو بے حد پسند کیا تو وہاں دوسری جانب ماڈل اور اداکارہ اروشی روتیلا کی پہنی جانے والی جیولری توجہ کا مرکز بنی رہی۔ فلمی میلے میں سیف علی خان کی صاحبزادی سارہ علی خان نے پہلی مرتبہ شرکت کی اور ایک روایتی مشرقی لڑکی کے روپ میں دکھائی دیں، ریڈ کارپٹ لک میں سارہ نے پیسٹل رنگ کا لباس زیب تن کیا، یہ لباس بھارتی ڈیزائنر ابو جانی سندیپ کھوسلہ نے ڈیزائن کیا، جبکہ اس لک میں مشرقی انداز کو مزید نکھارنے کے لیے ساڑھی آرٹسٹ ڈولی جین نیدوپٹہ لک دی۔ دوسری جانب بھارتی ماڈل و اداکارہ اروشی روتیلا کو سوشل میڈیا سینسیشن کے طور پر جانا جاتا ہے، اروشی نے دوسری مرتبہ کانز فلمی میلے میں شرکت کی، ریڈ کارپٹ پر اروشی جب جلوہ گر ہوئیں، تو ان کی پہنی جانی والی جیولری توجہ کا مرکز بنی۔ بھارتی ماڈل کا نیکلیس اس لحاظ سے منفرد دکھائی دیا۔

## سہانا خان کی اپنی ہم شکل کے ساتھ تصویر سوشل میڈیا پر وائرل

### مداح کشمکش میں مبتلا ہیں کہ ان میں سے اصل سہانا آخر کون ہے؟

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کے بادشاہ شاہ رخ خان کی بیٹی سہانا خان کی اپنی ہم شکل کے ساتھ لی گئی تصویر سوشل میڈیا پر خوب وائرل ہو رہی ہے، جسے دیکھنے کے بعد مداح کشمکش میں مبتلا ہیں کہ ان میں سے اصل سہانا کون ہے۔ ڈوپل گینگر ہم شکل کی انگریزی اصطلاح ہے، جس کے لیے کسی مشہور شخصیت کے ساتھ غیر معمولی مشابہت ضروری ہے۔ پاکستانی سوشل میڈیا انفلوئنسر بریحہ اکثر ہی سہانا خان کے ساتھ اپنی شاندار مشابہت پر فخر محسوس کرتی نظر آتی ہیں، اور اب انہیں دبئی میں ان سے ملنے کا موقع ملا۔

## عامر خان "گجنی 2" پر کام کر رہے ہیں، بھارتی میڈیا کا دعویٰ

### عامر خان نے سلمان خان کو بھی ایک فلم کی آفر دی جسے وہ اپنی پروڈکشن کمپنی کے تحت بنائیں گے

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کے مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان نے اپنی فلم 'لال سنگھ چڈا' کی باکس آفس پر ناکامی کے بعد اپنے شوبز کیریئر سے وقفہ لینے کا اعلان کیا تھا لیکن اب بھارتی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ اداکار اپنی بلاک بسٹر فلم 'گجنی' کے سیکوئیل پر کام کر رہے ہیں۔ میڈیا نے اپنے ذرائع سے دعویٰ کیا ہے کہ عامر خان پچھلے کئی مہینوں سے حیدر آباد کی گیتھا آرٹس میں فلم پروجیکٹ کے پروڈیوسر ایلو آروند سے سیکوئیل پر بات چیت کر رہے ہیں۔ عامر خان کی طرف ابھی پروجیکٹ کی تصدیق نہیں کی گئی ہے لیکن ذرائع کے مطابق اداکار اور پروڈیوسر دونوں نے متعدد پروجیکٹ پر گفتگو کی ہے۔

## آج تک کبھی ایسا کوئی گیت نہیں گایا جسکی وجہ سے مجھے شرمندگی ہو: حمیرا ارشد

لاہور (شوبز نیوز) گلوکارہ حمیرا ارشد نے کہا ہے کہ گائیکی میرا شوق نہیں جنون ہے اور میں اپنے پرستاروں کی پسند کو مدنظر رکھتے ہوئے گانے بناتی ہوں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا مجھے شروع ہی سے گلوکاری کا بیحد شوق تھا جو آگے چل کر جنون بن گیا۔ حمیرا ارشد نے کہا آج تک کبھی ایسا کوئی گیت نہیں گایا جسکی وجہ سے مجھے شرمندگی ہو، ہمیشہ صاف ستھرے گانے گائے جن میں اپنے پرستاروں کی پسند کو ہمیشہ مدنظر رکھا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا مجھے شروع ہی سے گلوکاری کا بیحد شوق تھا جو آگے چل کر جنون بن گیا۔ حمیرا ارشد نے کہا آج تک کبھی ایسا کوئی گیت نہیں گایا۔

## پرینیتی چوپڑا کی خوبصورت سولیٹیئر ہیرے کی انگوٹھی کی قیمت 4 لاکھ ہے

### منگنی کی تقریب، بھارتی سیاستدان اور رکن پارلیمنٹ راگھو چڈھا کے گھر پر ہوئی تھی

ممبئی (شوبز نیوز) بھارتی اداکارہ پرینیتی چوپڑا اور سیاستدان راگھو چڈھا کی منگنی کی تصویریں، ویڈیو اور معلومات سوشل میڈیا پر تاحال توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہیں۔ پرینیتی چوپڑا نے منگنی کی انگوٹھی پرانے دوست راگھو سے بدلنے کے فوراً بعد ہی ان خوبصورت لمحات کی تصویریں سوشل میڈیا پر شیئر کر دی تھیں جس کے بعد سے یہ تصویریں وائرل ہیں۔ اِن تصویروں کے وائرل ہونے پر پرینیتی چوپڑا کی منگنی کی انگوٹھی نے خاص توجہ حاصل کرلی تھی جس سے متعلق اب نئی معلومات سامنے آئی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پرینیتی چوپڑا کی خوبصورت سولیٹیئر ہیرے۔

## ٹیلنٹ کو سراہا جاتا تو آج میں بہت بڑا اسٹار ہوتا: انو کپور

### یہاں سٹار ہی چلتا ہے، اکشے کمار اکشے کمار ہے، سلمان کا بھی مقام ہے: اداکار

ممبئی (شوبز نیوز) بھارتی اداکار انو کپور گزشتہ 4 دہائیوں سے ہندی فلموں میں اپنی شاندار پرفارمنس سے شائقین کو تفریح فراہم کر رہے ہیں۔ بالی ووڈ فلمز مسٹر انڈیا (1987)، 7 خون معاف (2011)، وکی ڈونر (2012) اور جولی ایل ایل بی 2 (2017) میں انو کپور نے بہترین کام کر کے مداحوں کا دل جیتا۔ ان کے علاوہ انو کپور کئی مضبوط کہانیوں پر مبنی فلموں میں بھی کام کر چکے ہیں، جن میں چمیلی کی شادی اور ایک روکا ہوا فیصلہ شامل ہیں۔ جہاں آج بھی مضبوط کہانیوں پر مبنی فلموں کو سینما میں زیادہ اہمیت دی جاتی ہے اور ایسا سوچا جاتا ہے کہ اچھی فلموں سے ہی سٹار بنتا ہے، وہیں انو کپور کی سوچ اس کے برعکس ہے۔ انو کپور کا اس حوالے سے کہنا تھا کہ یہ سب کہنے کی باتیں ہیں، یہاں سٹار ہی چلتا ہے۔

# SPORTS سپورٹس

## بھارتی کرکٹ بورڈ ایشیا کپ پاکستان میں نہ کھیلنے کی ضد پر قائم

### کھلاڑیوں کی انجریز کا خطرہ مول نہیں لے سکتے: بھارتی بورڈ آفیشل

لاہور (سپورٹس نیوز) بھارتی کرکٹ بورڈ کے ایک عہدیدار نے کہا ہے کہ ہم چاہتے ہیں ایشیا کپ نیوٹرل وینیو پر کھیلا جائے اور یہ وینیو متحدہ عرب امارات نہ ہو۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بھارتی کرکٹ بورڈ کے عہدیدار نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ پورا ٹورنامنٹ شفٹ ہو یہ پاکستان میں سیاسی تناؤ کی وجہ سے سب کی سکیورٹی کے لیے ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے مؤقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے، یواے ای میں بہت گرمی ہے، کھلاڑیوں کی انجریز کا خطرہ مول نہیں لے سکتے۔ انہوں نے کہا کہ ایشیا کپ کے لیے نئی تجویز میں نے نہیں دیکھی، اس وقت تک ہم نے ایشیا کپ کے بائیکاٹ کرنے کے بارے میں بات نہیں کی، پہلے ہمیں صورتحال سمجھنے دیں پھر ہم کوئی فیصلہ کریں گے۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کے عہدیدار نے کہا کہ سری لنکا ٹورنامنٹ کے لیے بہترین جگہ ہے، تمام 5 ممالک کا ایک پیج پر ہونا ضروری ہے، اس ہفتے اس معاملے پر مزید پیش رفت ہوگی جب ہم دیگر اسٹیک ہولڈرز سے ملیں گے۔ یواے ای میں بہت گرمی ہے، کھلاڑیوں کی انجریز کا خطرہ مول نہیں لے سکتے۔ انہوں نے کہا کہ ایشیا کپ کے لیے نئی تجویز میں نے نہیں دیکھی، اس وقت تک ہم نے ایشیا کپ کے بائیکاٹ کرنے کے بارے میں بات نہیں کی، پہلے ہمیں صورتحال سمجھنے دیں پھر ہم کوئی فیصلہ کریں گے۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کے عہدیدار نے کہا کہ سری لنکا ٹورنامنٹ کے لیے بہترین۔

## نیوٹرل وینیو پر بھارت کے ساتھ ٹیسٹ سیریز کھیلنے کیلئے تیار ہیں، نجم سیٹھی

### بھارت کے ساتھ آسٹریلیا میں ٹیسٹ سیریز کھیلنے کیلئے تیار ہیں

لاہور (خبرنگار) چیئرمین پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی نجم سیٹھی نے کہا ہے پاکستان کرکٹ بورڈ کسی نیوٹرل وینیو پر بھارت کے ساتھ ٹیسٹ سیریز کھیلنے کیلئے تیار ہے۔ غیر ملکی میڈیا کو دیے گئے انٹرویو میں پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی کے چیئرمین نجم سیٹھی نے کہا کہ بھارت کے ساتھ آسٹریلیا میں ٹیسٹ سیریز کھیلنے کیلئے تیار ہیں، پاک بھارت ٹیسٹ سیریز انگلینڈ اور جنوبی افریقہ میں بھی ہوسکتی ہے۔ نجم سیٹھی نے کہا کہ پاک بھارت سیریز کیلئے پہلا آپشن انگلینڈ اور دوسرا آسٹریلیا ہوگا، آسٹریلیا میں ہاس فل ہوسکتا ہے، آسٹریلیا کو بھی ہم نے نیوٹرل وینیو کے طور پر رکھا ہے، میلبرن اور سڈنی میں پاکستانی اور بھارتی کیمونٹی بڑی تعداد میں رہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال میلبرن میں ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں 90 ہزار شائقین نے پاک بھارت میچ دیکھا تھا، بھارت کے ساتھ ٹیسٹ سیریز کا آئیڈیا گزشتہ سال بھی خبروں کی زینت بنا تھا، پاکستان اور بھارت کے درمیان آخری بار ٹیسٹ میچ دسمبر 2007 میں کھیلا گیا تھا۔ نجم سیٹھی کا مزید کہنا تھا کہ ایشیا کپ کیلئے بھارت کو ہائبرڈ ماڈل دے چکے ہیں، اب ورلڈ کپ اور چیمپئنز ٹرافی کو بچانے کیلئے آئی سی سی کو آگے آنا ہوگا۔ پاک بھارت ٹیسٹ سیریز انگلینڈ اور جنوبی افریقہ میں بھی ہوسکتی ہے۔ نجم سیٹھی نے کہا کہ پاک بھارت سیریز کیلئے پہلا آپشن انگلینڈ اور دوسرا آسٹریلیا ہوگا، آسٹریلیا میں ہاس فل ہوسکتا ہے، آسٹریلیا کو بھی ہم نے نیوٹرل وینیو کے طور پر رکھا ہے، میلبرن اور سڈنی میں پاکستانی اور بھارتی کیمونٹی بڑی تعداد میں رہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال میلبرن میں ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں 90 ہزار شائقین نے پاک بھارت میچ دیکھا تھا، بھارت کے ساتھ ٹیسٹ سیریز کا آئیڈیا گزشتہ سال بھی خبروں کی زینت بنا تھا۔

## فوج نہ ہو تو ہمیں پتا چلے کہ آزادی کیا ہوتی ہے: شاہد آفریدی

### کشمیریوں، فلسطینیوں سے پوچھیں آزادی کیا ہوتی ہے، ہمیں اپنی فوج کیساتھ کھڑا ہونا ہے

لاہور (یو این پی) سابق ٹیسٹ کپتان شاہد خان آفریدی نے بھی 9 مئی کو ہونے والے جلاؤ اور گھیراؤ کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ "اگر فوج نہ ہو تو ہمیں پتا چلے کہ آزادی کیا ہوتی ہے"۔ ایک انٹرویو میں شاہد خان آفریدی نے کہا کہ پاکستان میں مثبت بات کرنے پر بھی شدید تنقید شروع ہو جاتی ہے۔ میری کوشش یہی ہوتی ہے کہ بدتمیزی اور گالم گلوچ ہونے پر ایک طرف ہو جاؤں۔ انہوں نے کہا کہ سیاست پوری دنیا میں ہوتی ہے، ہمارے ملک میں بھی سیاست ہوتی ہے لیکن یہ کس قسم کی سیاست ہو رہی ہے۔ میں اس ملک میں چھوٹے سے بڑا ہوا، اب میرے بچے بڑے ہو رہے ہیں، وہ مجھ سے سوال کرتے ہیں کہ یہ کیا ہو رہا ہے اور کیوں ہو رہا ہے تو جواب دینا مشکل ہو جاتا ہے کہ ہم اپنے ملک کو خود ہی جلا دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم کب تک آپس میں لڑتے رہیں گے۔ ہم خود اس ملک کے دشمن ہیں۔ پاک فوج کی بہت قربانیاں ہیں۔

## ایشیا کپ: پی سی بی نے ہائبرڈ فارمولے کیلئے دبئی کو 'ترجیحی وینیو' قرار دے دیا

لاہور (یو این پی) ایشیاء کپ کے حوالے سے پاکستان کرکٹ بورڈ نے ہائبرڈ فارمولے کے لیے دبئی کو ترجیحی وینیو قرار دے دیا۔ ذرائع کے مطابق دبئی کو ترجیحی وینیو گیٹ منی کی وجہ سے قرار دیا گیا ہے۔ پی سی بی کا مؤقف ہے کہ کولمبو یا کسی اور وینیو سے دبئی کی طرح گیٹ منی حاصل نہیں ہوسکتی، دبئی کے علاوہ کسی اور وینیو کی وجہ سے گیٹ منی کا نقصان ایشین کرکٹ کونسل کو پورا کرنا چاہیے۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی کو ازسرنو پیش کیے جانے والے ہائبرڈ فارمولے کے منظور ہونے کی بھی امید ہے اور سری لنکا اور بنگلا دیش کی ہاں کے بعد پی سی بی جلد فیصلے کے لیے پُراعتماد ہے۔ اے سی سی کے اجلاس کے حوالے سے پی سی بی کو تاحال نہیں بتایا گیا تاہم پی سی بی کو یقین ہے کہ ہائبرڈ فارمولے میں پاکستان کی ترجیح کو اہمیت دی جائے گی۔ ہائبرڈ فارمولے میں پاکستان نیپال کے خلاف میچ اپنے ملک میں کھیلے گا، 3 میچز میں بنگلا دیش، افغانستان اور سری لنکا کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹورنامنٹ میں بھارت کے گروپ میچز، ٹاپ چار ٹیموں اور فائنل ہائبرڈ فارمولے کے دینیو پر ہوگا۔

## ٹانگ کی چوٹ سے خوفزدہ تھا کہ دوبارہ چل سکوں گا یا نہیں: جونی بیرسٹو

### جونی بیرسٹو کا کہنا تھا کہ میں خوفزدہ تھا کہ دوبارہ چل سکوں گا یا نہیں

لندن (نامہ نگار) انجری سے صحتیابی کے بعد کرکٹ میں واپسی کرنے والے انگلینڈ کے وکٹ کیپر بیٹر جونی بیرسٹو کا کہنا ہے کہ آٹھ ماہ کے مشکل مرحلے کے بعد سٹمپ کے پیچھے واپسی کے لئے پرجوش ہوں۔ ایک انٹرویو کے دوران انگلش وکٹ کیپر بیٹر کا کہنا تھا کہ میں خوفزدہ تھا کہ ٹانگ کی خوفناک چوٹ کے بعد دوبارہ کبھی نہیں چل سکوں گا، آٹھ ماہ کے مشکل مرحلے کے بعد سٹمپ کے پیچھے واپسی کے لئے پرجوش ہوں۔ جونی بیرسٹو کا کہنا تھا کہ میں خوفزدہ تھا کہ دوبارہ چل سکوں گا یا نہیں، دوبارہ دوڑ سکوں گا، دوبارہ کرکٹ بھی کھیل سکوں گا،

## فیڈریشن ملک میں گراس روٹ سطح پر کیچ بال کے ٹیلنٹ ابھارنے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ مقبول آرائیں

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان کیچ بال فیڈریشن کے صدر مقبول آرائیں نے کہا ہے کہ فیڈریشن ملک میں گراس روٹ سطح پر کیچ بال کے ٹیلنٹ ابھارنے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

## نیشنل گیمز میں جمناسٹک کے مقابلے 18 مئی سے شروع ہوں گے

اسلام آباد (یو این پی) نیشنل گیمز میں جمناسٹک کے مقابلے 18 مئی سے کوئٹہ میں شروع ہوں گے۔ مقابلوں میں ملک بھر سے جمناسٹک کے کھلاڑی حصہ لیں گے۔ یہ ایونٹ 20 مئی تک جاری رہے گا۔ نیشنل گیمز میں جمناسٹک کے مقابلے 18 مئی سے کوئٹہ میں شروع ہوں گے۔ مقابلوں میں ملک بھر سے جمناسٹک کے کھلاڑی حصہ لیں گے۔ یہ ایونٹ 20 مئی تک جاری رہے گا۔ نیشنل گیمز میں جمناسٹک کے مقابلے 18 مئی سے کوئٹہ میں شروع ہوں گے۔ مقابلوں میں ملک بھر سے جمناسٹک کے کھلاڑی حصہ لیں گے۔

## قومی ٹیم 2 دن نمبر 1 رہنے کے بعد ون ڈے رینکنگ میں تیسری پوزیشن پر آ گئی

### یاد رہے کہ کیویز نے شاہینوں کو پانچ میچز کی سیریز کے آخری میچ میں 47 رنز سے شکست دی

لاہور (یو این پی) پاکستانی کرکٹ ٹیم نیوزی لینڈ کے خلاف پانچویں ایک روزہ میچ میں شکست کے بعد انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی ون ڈے رینکنگ میں پہلی پوزیشن سے تیسری پوزیشن پر آ گئی۔ قومی ٹیم نے پانچ میچز کی سیریز کے چوتھے میچ میں مہمان ٹیم کو شکست دے کر ون ڈے رینکنگ میں پہلی بار پہلی پوزیشن حاصل کی تھی تاہم سیریز کے آخری میچ میں شکست کے باعث شاہین دو دن نمبرون پوزیشن پر رہنے کے بعد تیسری پوزیشن پر آ گئے۔ پاکستان نے 5 مئی کو پہلی پوزیشن حاصل کی تھی تاہم بدقسمتی سے صرف 2 دن نمبر رہ سکا، تازہ درجہ بندی میں آسٹریلیا کا پہلا، بھارت کا دوسرا اور پاکستان کا تیسرا نمبر ہے۔ یاد رہے کہ کیویز نے شاہینوں کو پانچ میچز کی سیریز کے آخری میچ میں 47 رنز سے شکست دی۔

**بقیہ 1**

ہے کہ فنڈز سیاسی مقاصد کے لیے استعمال نہیں کیے جائیں گے۔ اس ضمن میں وزارت خزانہ نے وضاحت کی ہے کہ یہ خبر جھوٹی اور بے بنیاد ہے کیونکہ آئی ایم ایف نے کبھی بھی حکومت کے ساتھ ایسے کسی خدشے کا کا اظہار نہیں کیا اور نہ ہی بجٹ کے ذریعے پارلیمنٹ کی منظوری کے بغیر کوئی فنڈز کسی مقصد کے لیے استعمال کیے جاسکتے ہیں۔

**بقیہ 2**

آگ پر قابو پالیا جبکہ جاں بحق افراد کی لاشوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق ریسٹورنٹ میں آگ گیس سلنڈر لیک ہونے سے لگی، جھلس کر جاں بحق ہونیوالے افراد ریسٹورنٹ میں کھانا کھانے آئے تھے، پولیس نے واقعے کی مزید تحقیقات شروع کردیں۔

**بقیہ 3**

کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیے کہ ان کیسز میں عدالت کے تحفظات ہیں، حکومت نے کوشش کی ہے کہ عدالتی رٹ کو شکست دی جائے، ہم کہتے ہیں سویلائزڈ ملک ہے، کورٹ کے آرڈرز کے ساتھ جو کچھ ہورہا ہے وہ اس کو ثابت نہیں کرتا۔ عدالت نے ریمارکس میں کہا کہ آئینی عدالتوں کے خلاف ایک مہم لانچ کی گئی، یہ عدالتیں قانون کے مطابق انصاف کی فراہمی کے لیے بیٹھی ہیں، جو مہم چلا رہے ہیں کل وہی انہی عدالتوں سے اسی طرح ریلیف لے رہے تھے، ہم ججز ٹاک شوز نہیں کرسکتے وہاں بیٹھ کر دفاع نہیں کرسکتے، ہماری طاقت بار ہے، اٹارنی جنرل صاحب آپ ہیں۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے ریمارکس دیے کہ عدالت کی رٹ اس ملک کا وقار ہے، ملک کے لیے اعلی اتھارٹی کے سامنے یہ معاملہ رکھیں۔ دوران سماعت اٹارنی جنرل نے کہا کہ یہ ملک آئین کے تحت ہی چلنا ہے اور عدالتیں اور تمام آئینی اداروں نے آئین کے اندر رہ کر ہی کام کرنا ہے۔ عدالت نے کہا کہ یہ وقت گزر جائے گا لیکن اس کے اثرات ملک پر برقرار رہیں گے، دوران سماعت ریمارکس دیتے ہوئے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب جذباتی ہو گئے، اس موقع پر روسٹرم پر کھڑے وکلا نے کہا ہم عدالت کے ساتھ ہیں۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے ریمارکس دیے کہ کیا وجہ ہے آئینی ادارے کے آرڈرز کو ہوا میں اڑایا جارہا ہے؟۔ یہ وقت گزر جائے گا، لیکن یہ دھبے ہمیشہ رہیں گے، ہم یہاں خدمت کے لیے بیٹھے ہیں، ہم جمہوریت میں رہ رہے ہیں ہم اس کمپین سے بھی واقف ہیں جو آئینی عدالتوں کے خلاف جاری ہے، جو بھی ہوا وہ پاکستان کے سیاہ باب کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ پنجاب پولیس ڈائریکٹ اسلام آباد سے کسی کو گرفتار نہیں کرسکتی، بادی النظر میں اسلام آباد پولیس خود کو اس سے الگ نہیں کرسکتی، کیا پنجاب پولیس کو اسلام آباد پولیس نے بلایا تھا کہ عدالت نے گرفتاری سے روکا ہوا ہے؟۔ بعدازاں اسلام آباد ہائی کورٹ نے توہین عدالت کے کیس میں آئی جی اسلام آباد کو نوٹس جاری کرتے ہوئے کہا کہ عدالتی حکم کے باوجود شیریں مزاری کو پنجاب پولیس کے حوالے کیوں کیا گیا؟ اسلام آباد ہائیکورٹ نے پیر تک آئی جی اسلام آباد سے جواب طلب کرلیا۔

**بقیہ 4**

سعد رضوی نے کہا کہ تحریک لبیک پہلے بھی مہنگائی کیخلاف احتجاج کرچکی ہے، ہم سیاسی اور ذاتی انتقام کیخلاف ہیں، پی ٹی آئی نے 9 مئی کو جو کیا اس کی مخالفت کرتے ہیں لیکن خواتین کے ساتھ جو سلوک کیا گیا اس کی مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان کو اندرونی خطرات کا سامنا ہے، ٹی ایل پی کو کمزور کرنے کی ہر کوشش ناکام بنائیں گے، سیاست کیلئے پاکستان کا نقصان نہ کیا جائے، ذمہ داروں کو سزا ملنی چاہئے، چاہتے ہیں الیکشن ایک ساتھ مقررہ وقت پر ہوں۔

**بقیہ 5**

پراجیکٹ شروع کرتے وقت سرکاری خزانے کو کوئی نقصان نہیں پہنچا نہ شہباز شریف نے کوئی فوائد حاصل کیے، ریکارڈ اور شواہد سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ کسی پبلک آفس ہولڈر نے کسی قسم کے کوئی فوائد حاصل نہیں کیے۔ نیب رپورٹ کے مطابق بغیر کسی شکوک وشبہات کے یہ بات ثابت ہورہی ہے کہ سرکاری خزانے کو نقصان نہیں ہوا، کامران کیانی نے بھی سرکار کے خزانے کو نقصان نہیں پہنچایا نہ فواد حسن فواد نے ٹھیکہ دلوانے کے لیے کوئی رشوت لی۔ نیب رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ شہباز شریف نے آشیانہ کا ٹھیکہ لطیف اینڈ سنز کو دینے کا معاملہ قانون کے مطابق اینٹی کرپشن کو بھجوایا تھا۔ نیب نے شہباز شریف کی بریت کی درخواست پر جواب احتساب عدالت لاہور میں جمع کرا دیا، نیب نے استدعا کی ہے کہ احتساب عدالت لاہور قانون کے مطابق شہباز شریف کی بریت کی درخواست پر فیصلہ کردے۔ واضح رہے کہ 8 اپریل 2023 کو آشیانہ ہاسنگ ریفرنس میں وکیل امجد پرویز نے وزیراعظم شہباز شریف، احد چیمہ اور فواد حسن فواد کی بریت کی درخواستیں دائر کی تھیں۔

**بقیہ 6**

متعلق پیشرفت کا جائزہ لیا گیا جبکہ اس دوران دہشتگردی کے واقعات میں ملوث ملزموں کی نشاندہی کرنے والے افراد کیلئے نقد انعامات کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں آئی ایس آئی کے دفتر پر حملے کے نامزد ملزمان کی غیر قانونی سہولت کاری پر اظہار تشویش کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ دہشتگردوں کو غیر معمولی سہولت کاری پہنچانے پر ایک جج کے خلاف ریفرنس بھیجا جائے گا جبکہ نامزد ملزمان کی غیر قانونی اور غیر آئینی سہولت کاری کا فیصلہ بھی چیلنج کیا جائے گا۔ اجلاس میں کہا گیا کہ نامزد ملزمان کی سہولت کاری انصاف کے قتل کے مترادف ہے۔ نگران وزیراعلی پنجاب نے شرپسندوں کے خلاف درج مقدمات کی بھرپور پیروی کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ مفرور شرپسندوں کی جلد از جلد گرفتاری یقینی بنائی جائے، 9 مئی کا دن پاکستان کی تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے، آرمی تنصیبات اور عوامی اثاثوں پر حملہ کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ جبکہ نامزد ملزمان کی غیر قانونی اور غیر آئینی سہولت کاری کا فیصلہ بھی چیلنج کیا جائے گا۔ اجلاس میں کہا گیا کہ نامزد ملزمان کی سہولت کاری انصاف کے قتل کے مترادف ہے۔ نگران وزیراعلی پنجاب نے شرپسندوں کے خلاف درج مقدمات کی بھرپور پیروی کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ مفرور شرپسندوں کی جلد از جلد گرفتاری یقینی بنائی جائے، 9 مئی کا دن پاکستان کی تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے، آرمی تنصیبات اور عوامی اثاثوں پر حملہ کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

**بقیہ 7**

گئی۔ بدھ کو انسداد دہشت گردی عدالت میں سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کے وکیل شیر افضل مروت نے درخواست دائر کی، اے ٹی سی جج راجہ جواد عباس نے ریمارکس دیے کہ اسد قیصر تو گرفتار نہیں، ان کا بتایا گیا ہے کہ وہ آ جائیں گے، جس پر وکیل شیر افضل نے کہا کہ عدالت اگر سکیورٹی فراہم کرے اور گارنٹی دے کہ گرفتاری نہیں ہوگی تو آ جاتے ہیں۔ اے ٹی سی جج نے ریمارکس دیے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کی پروٹیکشن نہیں مانی جارہی تو اے ٹی سی تو پھر بھی لوئر کورٹ ہے، یہ بات درست ہے کہ ہائیکورٹ کی پروٹیکشن پر عمل نہیں کیا جارہا۔ جج نے استفسار کیا کہ عدالت کو بتایا جائے کہ کس قانون کے تحت اسد قیصر اور دیگر کو آج استثنیٰ دیا جائے۔ وکیل شیر افضل نے کہا کہ چار، پانچ دنوں تک توسیع دی جائے، حالات ٹھنڈے ہو جائیں گے، جس پر اے ٹی سی جج نے ریمارکس دیے کہ چار، پانچ دنوں تک کیا گارنٹی ہے کہ حالات ٹھنڈے ہو جائیں گے۔ اس پر وکیل شیر افضل نے کہا کہ اگر حالات ٹھنڈے نہ ہوئے تو پی ٹی آئی قیادت اندر جانے کیلیے تیار ہے۔

**بقیہ 8**

کا نظام بنانے کے لئے سٹریٹیجک اینڈ بزنس پلان بنایا جائے۔ اس مقصد کے لئے پارکنگ کمپنی کی کمپیوٹرائزیشن اور آؤٹ سورسنگ سمیت دیگر تجاویز پر کام کیا جائے۔ نگراں وزیر بلدیات ابراہیم مراد سے لاہور پارکنگ کمپنی کے نئے تعینات ہونے والے سی ای او بلال فیروز نے ملاقات کی۔ ابراہیم مراد نے ہدایت کی کہ پارکنگ کمپنی کے معاملات میں بے ضابطگیوں کے خلاف انکوائری کروائی جائے اور کمپنی کے معاملات میں شفافیت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ پارکنگ ٹکٹس کا ڈیزائن تبدیل کیا جاچکا ہے۔ پرانے پارکنگ ٹکٹ جاری کرکے شہریوں کو لوٹنے والوں کو پولیس کے حوالے کیا جائے۔ پارکنگ فیس کے ریٹس نمایاں طور پر آویزاں کیے جائیں۔ پارکنگ ٹکٹس کے کیو آر کوڈ سے پارکنگ فیس کا ریٹ معلوم کیا جاسکتا ہے۔ پارکنگ فیس حکومت کے مقرر کردہ ریٹ کے مطابق وصول کی جائے۔ پارکنگ فیس کو سرکاری خزانے میں جمع نہ کروانے والوں سے سختی سے نپٹا جائے۔ موٹر سائیکل کی پارکنگ فیس 10 روپے جبکہ گاڑی کی 30 روپے ہے۔ شہری زائد رقم ادا نہ کریں۔

**بقیہ 9**

دورہ راولپنڈی کے تیسرے روز ڈائریکٹر ایکسائز راولپنڈی کے دفاتر کا معائنہ کر رہے تھے۔ ڈائریکٹر ایکسائز راولپنڈی عمران اسلم نے انہیں مختلف شعبوں کے امور بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر نے موٹر برانچ اور پراپرٹی ٹیکس برانچ کے امور کا معائنہ کرتے ہوئے کہا کہ ایکسائز دفاتر سے ٹاؤٹ مافیا کا خاتمہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سرکاری دفاتر سروس ڈیلیوری اتنی بہتر کریں کہ ایجنٹ کی ضرورت ہی پیش نہ آئے۔ کسی بھی دفتر میں ٹاؤٹ موجود ہونے کا مطلب ہے کہ اس دفتر میں کام صحیح نہیں ہو رہا۔ بلال افضل نے کہا کہ پنجاب بھر میں ایجنٹ اور ٹاؤٹ مافیا پر نظر رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایکسائز افسران بقایا جات کی ریکوری کے اہداف پورے کریں اور بقیہ مہینوں میں خوب محنت کریں کیونکہ ہدف سے زائد وصولی کرنے والے ملازمین کو انعامات دیں گے۔

**بقیہ 10**

، میاں شکیل ٹھاکر نے چودھری شجاعت حسین کو لیگل امور بارے بریفنگ بھی دی۔ قومی وطن پارٹی کے راولپنڈی و اسلام آباد میں ضلعی نائب صدر ڈاکٹر فضل دیان اور جوائنٹ سیکرٹری ڈاکٹر میاں شیراز نے بھی ق لیگ میں شمولیت اختیار کرلی، دونوں کو لیگل ٹاسک فورس برائے ریفارمز کیلئے وائس چیئرمین کا عہدہ تفویض کیا گیا۔ تمام عہدیداران نے چودھری شجاعت حسین اور چودھری سرور کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا۔ اس موقع پر چودھری شجاعت حسین نے کہا کہ پاکستان میں پڑھے لکھے اور حقیقی معنوں میں تبدیلی کے خواہش مند افراد کی کمی نہیں، پاکستان مسلم لیگ ہر اس شخص کو خوش آمدید کہے گی جو ملک کیلئے مثبت کردار ادا کرنے کا جذبہ رکھتا ہے، 9 مئی کے کرداروں کو قرار واقعی سزا ملنی چاہئے۔ چودھری سرور نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ حقیقی معنوں میں جمہوری جماعت ہے، فوجی تنصیبات سمیت جناح ہاؤس پر حملہ کرنے والے شرپسند کسی رعایت کے مستحق نہیں، فوج نے تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کیا جو قابل ستائش ہے۔

**بقیہ 11**

الزامات کی انکوائری کا فیصلہ نگران وزیراعلی پنجاب کی درخواست پر کیا ہے۔ نیب کا کہنا ہے کہ نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے چیئرمین نیب کو آٹا سکیم میں بے ضابطگیوں اور کرپشن کے الزامات پر تحقیقات کی درخواست کی تھی۔

**بقیہ 12**

۔ انہوں نے کہا کہ ہیومن ٹریفکنگ اور چائلڈ ٹریفکنگ کی روک تھام اور ٹریفکنگ ان پرسن ایکٹ 2018 سے متعلق آگاہی کیلئے سیمینار کا انعقاد ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچے اور خواتین انسانی سوداگری اور جبری مشقت سے سب سے زیادہ متاثر ہیں اس لیے اس کی روک تھام کیلئے آگاہی فراہم کرنا انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے بتایا کہ چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو بچوں کے تحفظ اور سکل ڈویلپمنٹ کے حوالے سے سرگرم ہے۔ اس حوالے سے چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کے پاس گزشتہ ایک سال کے دوران 100 سے زائد چائلڈ ٹریفکنگ کا شکار بچوں کے کیسز آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چائلڈ ٹریفکنگ کا شکار بچوں کے بارے میں چائلڈ ہیلپ لائن 1121 پر فوری اطلاع دی جائے تاکہ ایسے بچوں کو تعلیم کے ذریعے بحال کیا جاسکے۔ سیمینار میں ہوم ڈیپارٹمنٹ، وائس چانسلر یونیورسٹی آف ہوم اکنامکس اور ایس ایس پی پولیس ندا عمر چٹھہ سمیت دیگر افراد نے شرکت کی۔

**بقیہ 13**

سمیت عوامی و سرکاری املاک پر حملے کئے، ایسا عمل پاکستان کے خلاف جنگ کے مترادف ہے۔ خواجہ محمد آصف کا کہنا تھا کہ جن لوگوں نے عسکری تنصیبات، ملٹری بیسز اور عسکری شخصیات کی رہائش گاہوں پر حملے کئے ان کے ٹرائل آئین میں دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق ملٹری کورٹس کے تحت ہوں گے، ہم نئی عدالتیں اور نئے قوانین نہیں بنا رہے، پہلے سے قوانین موجود ہیں، ایسے ملزمان کے پاس ہائی کورٹس اور پھر سپریم کورٹ میں اپیل کا حق ہوگا۔ وزیردفاع کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان میں سیاسی بحران ضرور ہے لیکن بہت جلد اس پر قابو پالیا جائے گا، شہروں میں امن بحال ہو چکا ہے آئندہ چند دنوں میں حالات معمول پر ہوں گے۔ انتخابات سے متعلق سوال کا جواب دیتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ الیکشن اکتوبر میں اپنے وقت پر ہوں گے۔

**بقیہ 14**

اتھارٹی سائرہ عمر، سیکرٹری ٹیکسز تاثیر احمد، ڈپٹی سیکرٹری سٹاف رومان برآنہ، ایڈیشنل کمشنر لاہور، چیف اسٹیمپ انسپکٹر سمیت متعلقہ افسران نے اجلاس میں شرکت کی جبکہ ڈویژنل کمشنرز بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شریک تھے۔ ڈویژنل کمشنرز سمیت افسران نے ایس ایم بی آر کو ریونیو ریکوری کے حصول بارے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ رواں سال کے ٹارگٹ کے مطابق انتقالات فیس کی مد میں پنجاب بھر میں اور آل 88 فیصد ریکوری کی جا چکی ہے جبکہ سی وی ٹی، اسٹام ڈیوٹی کی مد میں 60 فیصد ریکوری کو یقینی بنایا گیا ہے۔ ایڈیشنل کمشنر لاہور نے بتایا کہ لاہور میں واٹر ریٹ کی ریکوری کو 100 فیصد مکمل کر لیا گیا ہے۔ اس موقع پر سنیئر ممبر بورڈ نبیل جاوید نے کہا کہ کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز ریونیو ریکوری کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دیں اور اسسٹنٹ کمشنرز کو فیلڈ میں نکالیں اور اپنے ٹارگٹ کو ہر صورت یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنرز ریونیو ریکوری بارے ٹیموں کی مانیٹرنگ کریں تاکہ ریونیو ریکوری کے ٹارگٹ کو مکمل کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ ریونیو ریکوری کے ٹارگٹ کو بروقت مکمل کرنا اہم ترین ذمہ داری ہے، آئندہ اجلاس تک ریونیو ریکوری میں بہتری لائی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریونیو ریکوری کے ٹارگٹ کو مکمل نہ کرنے، سستی اور کاہلی کا مظاہرہ والے افسران کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ بعدازاں سنیئر ممبر بورڈ آف ریونیو نبیل جاوید نے ریونیو ملازمین ایسوسی ایشن کے نو منتخب عہدیداروں کی حلف برداری تقریب میں شرکت کی۔ نبیل جاوید نے ریونیو ایسوسی ایشن کے نو منتخب عہدیداران کو مبارک دی اور ان سے حلف لیا۔

**بقیہ 15**

، ناموررائٹر ریاض ملک، محمد ہاشم ایڈیشنل روزہ روڈسیفٹی اور دیگر نے سیکورٹی پر مامور پاک فوج کے اہلکاروں کو پھول پیش کے انکے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور مکمل اظہار یکجہتی کیا/میڈیا ٹاک کی گی، اور وزٹرز کے رکھی گی کمنٹس بک میں اپنے خیالات تحریر کے، پاک فوج کے ساتھ اظہار یکجہتی کی گی، بلوائیوں کی طرف سے 9 می کے حملوں کی شدید مزمت کی گی

**بقیہ 16**

حملے میں ملوث تھے

**بقیہ 17**

بھرپور مذمت کرتی ہے، سرگودھا میں یادگار شہدا کو نقصان پہنچانا، جناح ہاس کو نذر آتش کرنا ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے کے مترادف ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کو دہائیوں تک سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا گیا، پی پی پی نے اپنی لیڈرشپ کی ہدایات کی پیروی کرتے ہوئے کبھی تشدد کا راستہ اختیار نہیں کیا، شہید محترمہ بینظیر بھٹو کو لہولہان کردیا گیا مگر پاکستان پیپلز پارٹی نے اس سب کے باوجود پاکستان کھپے کا نعرہ لگایا۔ قرارداد میں مزید کہا گیا کہ کسی بھی سیاسی جبر کے نتیجے میں پاکستان پیپلز پارٹی نے ملک اور ملکی اداروں کیخلاف کبھی جتھہ بندی نہیں کی، 9 مئی کے واقعات کے ذمہ داران کو کٹہرے میں لاکر قرار واقعی سزا دی جائے۔

**بقیہ 18**

کے خلاف کارروائی میں 2617 ملزمان کی گرفتاری کے علاوہ 603 مقدمات درج ملزمان کے قبضہ سے قمار بازی پر لگائی گئی 12087243 کی رقم بھی برآمد۔ ترجمان لاہور پولیس کیپٹل سٹی پولیس آفیسر لاہور بلال صدیق کمیانہ کی زیرنگرانی لاہور پولیس نے رواں سال اب تک جرائم پیشہ و قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مجموعی طور پر ون ویلنگ کے 1259 مقدمات درج کرتے ہوئے 1164 مجرمان کو گرفتار کیا ہے۔ آج یہاں جاری ایک بیان میں ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ شہریوں کو اسلحہ کی نمائش سے ہراساں کرنے والے افراد اور ناجائز اسلحہ کے خلاف گرینڈ آپریشن کے دوران 27 کلاشنکوف، 203 رائفلز، 137 بندوقیں، 2907 پسٹلز جبکہ 47935 گولیاں برآمد کرکے مختلف تھانہ جات میں 196 مقدمات درج کئے گئے۔ اس دوران پولیس نے قمار بازوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 2617 ملزمان گرفتار کر کے ان کے خلاف 603 مقدمات درج کیے اور ملزمان کے قبضہ سے قمار بازی پر لگائی گئی 12087243 کی رقم بھی برآمد کی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ لاہور پولیس میں کرائم کنٹرول اور سروس ڈیلیوری کے حوالے سے جدید اصلاحات سے جرائم پر قابو پانے میں مدد ملی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ پولیس کی کارکردگی میں بہتری کے لئے سٹریٹیجک اور آپریشنل اقدامات کئے جارہے ہیں تاکہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے۔

**بقیہ 19**

سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان یٰسین اور وقار کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے چوری شدہ زیر استعمال موٹر سائیکل برآمد ہوا، ملزمان کو متعدد وارداتوں کے انکشاف پر شناخت پریڈ کے لیے جیل منتقل کیا جارہا ہے، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ شہریوں کو انکے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

**بقیہ 20**

ملزمہ رخسانہ بی بی کو نامزد کیا گیا تھا اور مقدمہ بجرم 109/34/302 درج تھانہ گوجرخان ہوا تھا ملزمہ رخسانہ بی بی کی جانب کیس کی پیروی گوجرخان بار ایسوسی ایشن کے نامور فوجداری وکیل عثمان قریشی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے کی کیس کا ٹرائل ایڈیشنل سیشن جج گوجرخان چوہدری قاسم جاوید کی عدالت میں ہوا جس میں معزز عدالت نے عثمان قریشی ایڈووکیٹ کے مدلل ٹھوس دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے ملزمہ رخسانہ بی بی کو باعزت بری کردیا

**بقیہ 21**

کر کے ملزمہ کے خلاف مقدمہ نمبر 716/23 بجرم 9(1)3c ت پ تھانہ گوجرخان میں درج کرلیا گیا ایس ایچ او تھانہ گوجرخان نے کہا کہ ملزمہ کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائیگی منشیات جیسے ناسور کو جڑ سے اکھاڑا جائے گا میری تعیناتی کے دوران منشیات فروشوں کے لیے میرے ایریا میں کوئی جگہ نہیں بلاتفریق کاروائیاں جاری رہیں گی جبکہ گزشتہ دنوں شہریوں کی جانب سے دو موٹر سائیکل چوروں کو پولیس تھانہ گوجرخان کے حوالے کیا گیا تفتیشی افسر داود نے ملزمان کو گرفتار کرکے موثر تفتیش کرتے ہوئے ان سے 7 موٹر سائیکل برآمد کیے جبکہ ملزمان نے موٹر سائیکلز کو کھول کرانکے پارٹس فروخت کرنے کا بھی انکشاف کیا اور فروخت پارٹس کی حاصل رقم سے 18 ہزار روپے بھی ملزمان سے برآمد کیے گئے گرفتار ملزمان میں محمد طیب اور مدثر شامل ہیں جب کے گینگ میں شامل دیگر سہولت کاروں کی گرفتاری کے لیے بھی تحرک جاری ہے پولیس تھانہ گوجرخان کی اس کاروائی پر ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے گوجرخان پولیس کو شاباش دی اور کہا کہ شہریوں کو انکے اثاثوں سے محروم کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے ایس ایچ او تھانہ گوجرخان نے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کرکے سزا یاب کروایا جائے گا اور دیگر سہولت کاروں کو بھی جلد ہی گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا کوئی بھی قانون سے بالاتر نہیں

**بقیہ 22**

کرنے کو تیار ہیں مگر ایف بی آر کو غیر قانونی نوٹسز اور خوف و ہراس پھیلانے کا سلسلہ بند کرنا ہوگا۔ پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس اور ڈائریکٹ ان ڈائریکٹ ٹیکسز میں آڈٹ نظام کی بہتری کے موضوع پر سیمینار گزشتہ روز منعقد ہوا۔ سیمینار میں پاکستان ٹیکس بار اکیڈمی کے چیئرمین عبدالقادر میمن، صدر رانا منیر حسین، جنرل سیکرٹری قمر الزمان، سکھر ٹیکس بار کے صدر محمد آصف شیخانی، لاہور ٹیکس بار کے صدر زاہد پرویز، جنرل سیکرٹری اعجاز بھٹی، لاڑکانہ ٹیکس بار صدر محمد ارشد قریشی، چیف کمشنر ایف بی آر سکھر محمد عابد رضا بودلہ، رانا کاشف ولائت، شہباز قادر، طاہر محمود بٹ، عامر شہزاد سمیت ملک بھر سے پاکستان ٹیکس بارز کے عہدیداران شریک ہوئے۔ پاکستان ٹیکس بار کے صدر رانا منیر حسین، جنرل سیکرٹری قمر الزمان چودھری اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایف بی آر کے افسران افسر شاہی کو چھوڑ کر ٹیکس دہندگان دوست پالیسیاں مرتب کریں تاکہ عوام کے اندر سے اس محکمے کا خوف ختم ہو سکے، اگر ایف بی آر نے غیر قانونی نوٹسز، غیر قانونی ریکوری کا سلسلہ بند نہ کیا تو پورے ملک میں احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی نوٹسز اور طاقت کے زور پر بینک ایجنٹ کے ذریعے ٹیکس دہندگان کو کروڑوں روپے سے محروم کر دینا نا انصافی ہے، ایف بی آر کا کام ٹیکس کلیکشن کرنا ہے کاروبار بند کرنا نہیں، کاروباری حالات میں مندے کی وجہ سے ٹیکس دہندگان پہلے ہی شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہیں

**بقیہ 23**

کرلیا، ملزم سے پولیس یونیفارم اور زیر استعمال موٹر سائیکل قبضہ پولیس میں لے لیا گیا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزم سے تفتیش کی جارہی ہے، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی

**بقیہ 24**

فروش کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار منشیات فروش محمد اسلم سے 2 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی گئی۔ ملزم چرس فروخت کیلئے لے جارہا تھا، ملزم کو تھانہ سٹی منتقل کرکے کنٹرول آف سبسٹنس ایکٹ 1997 کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا۔ اے ایس آئی احمد عمار نے کہا کہ ملزم محمد اسلم ریکارڈ یافتہ ہے اور متعدد بار جیل جاچکا ہے، پولیس کا کہنا ہے کہ منشیات فروش کسی معافی کے مستحق نہیں، علاقہ بھر سے منشیات فروشوں کے قلع قمع کریں گے۔

**بقیہ 25**

سرکاری ریٹ لسٹ ہے اس پر عملدرآمد کون کروائے گا اے سی گوجرخان ہمیں کوئی ایک سبزی بھی اس ریٹ لسٹ کے مطابق خریداری کروادیں جو نرخ ریٹ لسٹ پر ہیں مگر ہمیں ان نرخوں سے ڈبل پر سبزیاں مل رہی ہیں نہ ہی پرائس مجسٹریٹس باہر مارکیٹ میں نکل کر چیک اینڈ بیلنس کررہے ہیں اور نہ ہی اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان کی جانب سے ان گراں فروشوں کے خلاف کوئی کاروائیاں کی جا رہی ہیں ہونا تو یہ چاہیے کہ انتظامیہ ہمیں ریلیف فراہم کروانے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر چیک اینڈ بیلنس رکھے بجائے اس کے انتظامیہ نے توان گراں فروشوں کو کھلی چھٹی دی ہوئی ہے پرائس مجسٹریٹس کی جانب سے مارکیٹس میں چیک اینڈ بیلنس نہ کرنا اس بات کا عندیہ دیتا ہے کہ سب مال پانی بنانے میں لگے ہوئے ہیں اور دفتر میں بیٹھ کا سب اچھا کی رپورٹس بنا کر پیش کردیتے ہیں شہریوں نے حکام بالا اور اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سے نوٹس لینے اور ریلیف فراہم کروانے مطالبہ کردیا

**بقیہ 26**

/سبزیوں، گوشت /چکن، ڈیری شاپس، جنرل سٹورز وغیرہ میں مجموعی طور پر حفظان صحت کا جائزہ لیا، اسسٹنٹ کمشنر سکریٹریٹ نے فوڈ اینڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی کرنے پر دو دکانیں سیل کر دی جبکہ دکاندار گرفتار کر لیے گئے، اور دیگر خلاف ورزی کرنے والوں کو قانون کے مطابق وارننگ دی گئی،

**بقیہ 27**

لینڈ کروزر اور موٹر سائیکل والے کیلئے یکساں قیمت پر پیٹرول کی فروخت معاشی انصاف نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تیل کی قیمتوں میں اضافہ تو پہاڑ جتنا ہوتا ہے لیکن کمی چیونٹی کے برابر بھی نہیں کی جاتی۔ عالمی منڈی میں قیمتیں بڑھنے پر تو پاکستان میں عالمی منڈی کے مطابق تیل کی قیمتیں بڑھا دی جاتی ہیں لیکن کم ہونے پر معمولی کمی کی جاتی ہے۔ امیر ٹی ایل پی نے اعلان کیا کہ 22 مئی کو کراچی سے شروع ہونے والا لانگ مارچ مہنگائی، بے روزگاری، لاقانونیت سمیت عوام کے حقوق پر ڈالے گئے ہر ڈاکے کا حساب لے گا۔ حافظ سعد رضوی نے مزید کہا کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) حکومت کے ہر فیصلے سے عوام کی تکلیف میں دن بہ دن اضافہ ہوتا چلا جارہا ہے۔ اقتدار کے آخری دنوں میں تو پی ڈی ایم حکومت کو عوام پر ترس کھانا چاہیے۔

**بقیہ 28**

والے اشتہاری مجرم کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم کی شناخت شفیق الرحیم کے نام سے ہوئی، تھانہ گنجمنڈی میں دہشتگردی اغواء برائے تاوان اور دیگر دفعات کے تحت فروری 2022 میں مقدمہ درج کیا گیا تھا، اشتہاری مجرم خود کو حساس ادارے کا سینئر افسر ظاہر کرتا تھا، مجرم نے ساتھیوں کے ہمراہ اسلحہ کی نوک پر کنسٹرکشن کمپنی کے مالک کو اغواء کرکے تاوان کا مطالبہ کیا تھا، اشتہاری مجرم کے دیگر 08 ساتھی ذیشان، ولی، عامر، عبدالقدیر، شہباز، بدر فاروق، حیدر، کامران گرفتار ہو کر چالان ہو چکے ہیں، اشتہاری مجرم جڑواں شہروں میں اغواء، راہزنی، اقدام قتل جیسے سنگین مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہے، ایس پی راول فیصل سلیم نے انوسٹی گیشن ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ اشتہاری مجرم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کی جان و مال پر حملہ اور استحصال کرنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رہیں گی

**بقیہ 29**

ہزار جرمانہ ادا کرنے کا حکم دے دیا، جسٹس امجد رفیق نے کہا کہ جتنے دن نظر بند رکھا روزانہ کے 5 ہزار کا جرمانہ ادا کیا جائے۔ جسٹس امجد رفیق نے ابوبکر کی درخواست پر 6 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کر دیا، فیصلے کے مطابق ڈپٹی کمشنر وزیرآباد نے ابوبکر صدیق کو نظر بند کیا، سیاسی لیڈر کی گرفتاری پر 9 مئی کو ملک بھر میں بدامنی ہوئی، اسی آڑ میں الجھن میں مبتلا حکومت نے عام شہریوں کیخلاف فوجداری کارروائیاں شروع کر دیں۔ حکومت کے اقدامات شہریوں کے حقوق، آزادی اور عزت سلب کرنے مترادف ہیں، اگر کسی کو عزت کے علاوہ تمام حقوق دے بھی دیے جائیں تو وہ پھر اپنے حقوق کو انجوائے نہیں کرسکتا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ ہم 21 ویں صدی میں اس فخر کے ساتھ داخل ہوئے تھے کہ غربت، بے روزگاری کا خاتمہ کریں گے مگر ہم ڈیجیٹل دنیا میں داخل ہو چکے ہیں، جہاں دوسروں کی آنکھوں سے دیکھتے ہیں، 9 مئی واقعات میں ملوث افراد کو جواب دہ ہونا چاہیے مگر حکومت کی جانب سے مرضی کے تحت اس کا کردار جانے بغیر کارروائی نہیں ہونی چاہیے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ اگر یہ تصادم چلتا رہا تو کہاں پر رکے گا؟ ہمیں ملک کے ہر طبقے کو ساتھ ملا کر اس تصادم کے خلاف کھڑے ہونا چاہئے اور امن کی فضا قائم کرنی چاہیے، اس میں حکومت کی ذمہ داری سب سے زیادہ ہے، حکومت کو اپنے لوگوں سے بدلہ لینے کی بجائے انہیں احساس دلانے کی ضرورت ہے۔

**بقیہ 30**

کا بروقت موقع فراہم کیا ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے اسپیکر قومی اسمبلی سے درخواست کی کہ کمیٹی کے لیے جلد از جلد اراکین کی نامزدگی کی جائے تا کہ اس عمل کو تیز کیا جاسکے۔ چیئرمین سینیٹ نے سینیٹرز، عرفان صدیقی، تاج حیدر، شبلی فراز اور منظور کاکڑ کو ایوان بالا سے کمیٹی کا رکن نامزد کردیا۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹی کی تشکیل بہت احتیاط اور غور کے بعد کی گئی ہے جس میں دونوں ایوانوں سے چار اراکین شامل ہونگے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہم مل کر اس بامعنی کوشش کا آغاز کررہے ہیں اور اس سے ہم اپنے ثقافتی ورثے کے تحفظ میں اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں۔ اس کمیٹی کا بنیادی مقصد اراکین کی مہارت اور نقطہ نظر کو مدنظر رکھتے ہوئے، مناسب ناموں کا انتخاب کرنے کیلیے جامع بات چیت اور غور وخوض کرنا ہے۔

**بقیہ 31**

صوبائی الیکشن کمشنرز کے نام مراسلہ جاری کیا ہے۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ یکم جون تک ڈی آر اوز، آر اوز اور اسسٹنٹ ریٹرننگ افسران کا ڈیٹا فراہم کیا جائے، الیکشن کمیشن پولنگ عملے کی نشاندہی کے بعد ٹریننگ کا آغاز کرے گا۔

**بقیہ 32**

یا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈی آئی جی کامران عادل کو جے آئی ٹی کا سربراہ مقرر کیا گیا ہے، ایس ایس پی صہیب اشرف، رضا زاہد، تیمور خان اور محمد سرور کو جے آئی ٹی کا ممبر مقرر کیا گیا ہے۔ محکمہ داخلہ نے آئی جی پولیس کی سفارشات پر جے آئی ٹی کا نوٹیفکیشن جاری کیا۔

**بقیہ 33**

ہونے کا سمن جاری کیا گیا ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی سے 190 ملین پاؤنڈ کی غیر قانونی منتقلی سے متعلق 20 سوالات طلب کیے گئے ہیں۔ نیب کے مطابق عمران خان نے رقم ملزمان کو دے کر مالی فائدے لیے، سابق وزیراعظم نے ملزمان کو رقم واپس دے کر 458 کنال اراضی اور 28 کروڑ روپے حاصل کیے، رقم واپس کرکے عمران خان اور بشریٰ بی بی کے ٹرسٹ نے عطیات کی مد میں بھاری رقوم حاصل کیں۔ جبکہ اسلام آباد ہائی کورٹ نے القادر ٹرسٹ کیس میں چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کو شامل تفتیش ہونے کا حکم دے رکھا ہے، عدالت نے عمران خان کی عبوری ضمانت سے متعلق 7 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کیا تھا جس میں کہا گیا کہ عمران خان شامل تفتیش نہیں ہوتے تو ضمانت منسوخی کیلئے عدالت سے رجوع کیا جاسکتا ہے، تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ عمران خان سے کسی دستاویز سے متعلق نہیں پوچھا گیا، دوران تفتیش عمران خان سے کیس سے متعلق کچھ سوالات ضرور کئے گئے۔ عمران خان کی 31 مئی تک عبوری ضمانت منظور جاتی ہے۔ فیصلہ میں کہا گیا کہ ایڈووکیٹ جنرل اور ایڈیشنل اٹارنی نے کہا آرٹیکل 245 کا نفاذ ہے، عمران خان کو ریلیف نہیں مل سکتا، ایڈووکیٹ جنرل اور ایڈیشنل اٹارنی کا یہ مؤقف جارحانہ ہے۔

**بقیہ 34**

47 ہزار 832 ارب 40 کروڑ روپے ہوگیا ہے۔ گزشتہ سال مارچ میں پاکستان کا مجموعی قرض 43 ہزار 12 ارب 70 کروڑ روپے تھا جو رواں سال 32.8 فیصد اضافے سے 57 ہزار 122 ارب روپے ہوگیا ہے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق مارچ 2022 سے مارچ 2023 کے عرصے میں پاکستان کے قرض میں 14 ہزار 109 ارب 80 کروڑ روپے کا اضافہ ہوا ہے۔

**بقیہ 35**

جے سے قومی اسمبلی کی نشست سے مستعفی اور پارٹی چھوڑنے کا اعلان کر دیا۔ اس بات کا اعلان انہوں نے منگل کو کراچی پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ محمود مولوی نے کہا کہ 9 مئی کے پرتشدد واقعات میں جو بھی پی ٹی آئی کے لوگ ملوث ہیں ان کے خلاف کارروائی ہونی چاہئے۔ محمود مولوی نے کہا کہ بہت سے لوگ پارٹی سے اختلاف رکھتے ہیں مگر خوفزدہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج کرنا سب کا حق ہے مگر پرتشدد مظاہروں سے گریز کرنا چاہیے۔ محمود مولوی نے کہا کہ نو مئی کے واقعات سراسر غلط تھے اور تحریک انصاف کی قیادت پرتشدد واقعات میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کرے۔ محمود مولوی نے کہا کہ اپنے اداروں سے لڑنے کا کبھی نہیں سوچا تھا۔ یہاں واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے کچھ اور رہنماؤں کے بھی پارٹی سے علیحدگی کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ آج عمران خان کے قریبی ساتھی اور تحریک انصاف کے ایڈیشنل سیکرٹری جنرل عامر کیانی بھی پارٹی چھوڑ گئے۔ عامر کیانی کی جانب سے پارٹی چھوڑنے سے متعلق اعلان آج متوقع ہے۔ عامر کیانی کا کہنا ہے کہ پارٹی چھوڑنے کا فیصلہ دو ماہ قبل کرلیا تھا، اعلاج آج کررہا ہوں۔ میرے آباؤاجداد افواج میں ہیں، محاذ آرائی نہیں بنتی۔

**بقیہ 36**

لیبارٹری کے شعبہ کرائم سین انویسٹی گیشن سے ڈاکٹر ناصر، عبدالرحمٰن، اعظم خان اور ٹیم کے دیگر ارکان بھی موجود تھے، ڈی آئی جی انویسٹی گیشن نے کرائم سین کا تفصیلی جائزہ لیا۔ کرائم سین یونٹ سمیت فرانزک ٹیموں نے ڈی آئی جی انویسٹی گیشن کو شواہد بارے بریفنگ دی، ڈی آئی جی انویسٹی گیشن نے کہا کہ واقعہ میں ملوث سماج دشمن عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے، قومی املاک کو نقصان پہنچانے والے شرپسندوں کو ہر صورت کیفر کردار تک پہنچائیں

**بقیہ 37**

نے بھی ایسا قدم نہیں اٹھایا۔ شیری رحمان نے کہا کہ تحریک انصاف نے تمام اقدامات باقاعدہ منصوبہ بندی سے کیے، ان کا یہ کہنا تھا کہ خان ہے تو پاکستان ہے، ہم اس کی نفی کرتے ہیں، پاکستان ہے تو ہم ہیں، آپ ہدایات بار بار دے رہے ہیں پھر کہتے ہیں ہم نہیں تھے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ بینچ کی شفقت ان پر ماں کی طرح تھی، ملک میں مردم شماری یکساں معیار کے مطابق ہونی چاہیے، سی ای سی نے معاشی صورتحال پر بھی تشویش کا اظہار کیا جبکہ پارٹی نے بلاول بھٹو کی سفارتی جدوجہد کو بھی سراہا ہے۔

**بقیہ 38**

معہ ایمونیشن، کہوٹہ پولیس نے ملزم واحد سے 01 پستول 30 بور برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

**بقیہ 39**

ہیں، سوشل میڈیا پر اس طرح کی خبروں پر لوگوں کی جانب سے سخت ردعمل دیا گیا۔ اب پنجاب پولیس نے اس خبروں پر باقاعدہ ردعمل دے دیا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق 09 مئی کے پرتشدد اور جلاؤ گھیراؤ کے واقعات میں ملوث زیر حراست خواتین کے ساتھ عزت اور احترام کے ساتھ پیش آیا گیا ہے۔ ٹھوس شواہد کی بنا پر حراست میں لی گئی خواتین کے ساتھ بدسلوکی کی پھیلائی جانے والی افواہیں قطعی من گھڑت اور بے بنیاد ہیں. دوسری جانب لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کے 453 کارکنوں کی نظر بندیوں کے خلاف دائر درخواستوں پر پنجاب حکومت سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 23 مئی کو جواب طلب کرلیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عالیہ نیلم نے چوہدری زبیر احمد و دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی جس میں پنجاب حکومت کی طرف سے نظر بندیوں کے اقدام کو چیلنج کیا گیا ہے۔ عدالت عالیہ کے روبرو دائر درخواستوں میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ سابق وزیراعظم عمران خان کی گرفتاری کے بعد نو مئی کے واقعات کی بنیاد پر پی ٹی آئی کے 453 کارکنوں کو نظر بند کردیا گیا جو خلاف قانون اور آئین میں دیئے گئے بنیادی حقوق کے منافی اقدام ہے عدالت سے استدعا ہے کہ ان غیر قانونی نظر بندیوں کو کالعدم قرار دیا جائے۔

**بقیہ 40**

کے مطابق کے آئی یو کانووکیشن ایریا میں چینی زبان کے عالمی دن اور چینی کھانوں کے حوالے سے دو تقریبات منعقد کی گئیں۔ تقریب میں طلباء اور یونیورسٹی کے اعلیٰ انتظامی و تدریسی افسران کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ چینی زبان کے عالمی دن کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں فیکلٹی اور طلبہ کے لیے چینی زبان لکھنے کے مقابلے بھی منعقد کیے گئے۔ گوادر پرو کے مطابق اس موقع پر وائس چانسلر کے آئی یو ڈاکٹر عطا اللہ شاہ نے کہا کہ گلگت بلتستان اور چین کی ثقافت اور طرز زندگی میں مماثلت ہے اور ہمیں ایک دوسرے کی زبان اور ثقافت کو مزید سمجھنے، تعلیم اور تحقیق کی ضرورت ہے۔ گوادر پرو کے مطابق دوسرے ایونٹ میں طلباء کے درمیان کھانا پکانے کے مقابلے منعقد کیے گئے، ڈمپلنگ بنانا جو کہ چین اور گلگت بلتستان میں یکساں مقبول ہے۔ جی بی میں ڈمپلنگ کو منتو کہا جاتا ہے۔ سی ایس سی کے ڈاکٹر خالد محمود نے گوادر پرو کو بتایا چونکہ کھانا ثقافت کا ایک لازمی حصہ ہے، اس لیے طلباء کے درمیان چائنیز کوکنگ مقابلہ منعقد کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جی بی کے منتو کا ذائقہ چائنیز ڈمپلنگز سے بالکل مماثلت رکھتا ہے، جو مختلف تہواروں میں پیش کیے جاتے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق تقریبات کے اختتام پر زبان اور کھانا پکانے کے مقابلوں میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلباء میں اسناد تقسیم کی گئیں۔

**بقیہ 41**

بینک حکام نے بتایا کہ کرپٹو کرنسی مارکیٹ 2 اعشاریہ 8 ٹریلین ڈالر سے کم ہوکر 1 اعشاریہ 2 ٹریلین ڈالر رہ گئی ہے۔ سلیم مانڈوی والا کا کہنا تھا کہ پاکستان سے اربوں ڈالر کرپٹو کرنسی میں انویسٹ ہوئے۔ ڈائریکٹر اسٹیٹ بینک سہیل جواد نے بتایا کہ کرپٹو کرنسی ہائی رسک ہے جو صرف ہوائی کرنسی ہے، کرپٹو کرنسی مکمل فراڈ ہے اس کی پاکستان میں کبھی اجازت نہیں دی جائے گی، کرپٹو کرنسی کی 16 ہزار سے زائد کرنسی بن چکی ہیں۔ یادر ہے کہ اس سے قبل سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ میں چیئرمین پاکستان فاریکس ایکسچینج ایسوسی ایشن ملک بوستان نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا تھا کہ کرپٹو کرنسی اور فارن فاریکس ٹریڈ میں پیسا ضائع ہورہا ہے، 15 ہزار ڈالر تک صارفین سے شناختی کارڈ نہ مانگنے کی اجازت دی جائے، اب تو ایک ڈالر کے لیے بھی بائیو میٹرک کروانی پڑتی ہے جبکہ حوالہ ہنڈی والے گھر تک سپلائی دیتے ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ ہمیں فری ہینڈ دینے کی ضرورت ہے، ہم حکومت کو اگلے دو سال کے لیے ماہانہ ایک ارب ڈالر دے سکتے ہیں۔ گزشتہ 30 سال میں پاکستان سے 180 ارب ڈالر بیرون ملک جاچکے ہیں، پاکستان میں فارن ایکسچینج کی کمی نہیں ہے تاہم مارکیٹ کبھی ڈنڈے سے قابو میں نہیں آتی

**بقیہ 42**

اصرار سے اپنے کارکنان کو تلقین کی انہیں جتنا مرضی اشتعال دلوایا جائے، انہوں نے مکمل طور پر پرامن رہتے ہوئے ہی احتجاج کرنا ہے۔ عمران خان نے مزید کہا کہ انشااللہ جب بھی ایک آزادانہ تحقیق ہوگی میں یہ ثابت کروں گا جلاؤ گھیراؤ کرنے والے بندوق برداروں کو بالکل اسی طرح پرامن مظاہرین کی صفوں میں داخل کیا گیا جیسے یہ اس موقع پر کرنے کی منصوبہ بندی کیے ہوئے تھے جس کا پردہ میں نے اس ویڈیو میں چاک کیا۔ عمران خان نے مذکورہ ویڈیو میں بتایا تھا کہ زمان پارک کے باہر آپریشن کا فیصلہ کیا گیا، اسلام آباد اور لاہور میں آئی جیز نے دو ٹیمیں بنائی ہیں جو ہمارے لوگوں میں شامل ہو کر چار پانچ پولیس اہلکاروں کو ماریں گے۔ جہاں سے ہنگامہ شروع ہوگا اور سانحہ ماڈل ٹاؤن جیسا واقعہ کرنے کی کوشش کریں گے۔

**بقیہ 43**

ہاتھ دھوئے اور مالا مال ہوئے' چولستان کو تینوں اضلاع کے ڈپٹی کمشنر کے انڈر کرکے محکمہ چولستان کو فی الفور ختم کر دیا تا کہ خزانہ پر بوجھ کم ہو سکے' چولستانیوں کی گفتگو۔ تفصیل کے مطابق پاکستان کا سب سے بڑا صحرائے چولستان جو دُنیا بھر کے سیاحوں کی توجہ کا مرکز اور انٹرنیشنل جیپ ریلی کے انعقاد موجب ہے۔ تاہم سال 2014ء میں اُس وقت کے وزیراعلیٰ پنجاب نے معصوم چولستانیوں کو ساڑھے ساڑھے بارہ ایکڑ یعنی آدھا مربع دیا جانا تھا جس سے چولستانیوں کے زندگیوں میں بھی بہار آ سکتی تھی اور وہ خوشحال ہو کر معاشرے کے مفید و کارآمد شہری بن سکتے تھے مگر انتہائی افسوس ناک امر یہ ہے کہ 2014ء سے آج 2023ء تک بھی کسی بھی چولستانی کو الاٹیں تقسیم نہ کی گئیں اور الاٹمنٹوں کے نام پر محکمہ چولستان نے چولستانیوں کو بے وقوف بنا کر محکمہ چولستان کے ہی متعدد افسران و ملازمین نے اپنے رشتہ داروں کو محکمہ جنگلات کے ساتھ باہم ساز باز کر کے انہیں وہاں کی رہائشی ڈکلیئر کروا تا کہ وہ بھی اس الاٹمنٹ میں اپنا حصہ بقدر جسہ وصول کر سکیں جسکی بابت آئے روز اخبارات میں خبریں شائع ہوتی رہیں اور یہ الاٹمنٹ 2014ء سے تاحال نہ ہو سکی ہیں جبکہ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ اس دوران محکمہ چولستان و محکمہ جنگلات اور نادرا آفس سے مبینہ ملی بھگت کر کے بعض افراد کو اراضی کی الاٹمنٹس بھی کی گئی مگر اُنکے شناختی کارڈ پر ایڈریس بھی چولستان کا ظاہر کیا گیا مگر آئی ڈی کارڈ کا کوڈ دوسرے اضلاع کا ثابت بھی ہے مگر انہیں بھی دھڑلے سے بوگس الاٹمنٹس کر کے آدھا آدھا مربع دیا گیا حالانکہ چولستانی ہونے کیلئے بائی برتھ وہاں کا رہائشی ہونا لازمی ہے اور اس سارے عمل میں سال 2014ء سے آج تک کے متعدد ڈیلنگ ڈائریکٹرز اور دیگر افسران و ملازمین نے کروڑوں روپے مبینہ طور پر کمائے اور مالا مال ہوئے اور حالت نہ بدلی تو معصوم چولستانی کی نہ بدلی جو آج بھی کسمپرسی کے حالات میں زندگی گذارنے پر مجبور ہے۔ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ صحرائے چولستان تین اضلاع رحیم یار خان' بہاول پور اور بہاول نگر سے منسلک ہے۔ تاہم چولستانیوں کا کہنا ہے کہ محکمہ چولستان ترقیاتی ادارہ ایک آکٹوپس کی صورت اختیار کر گیا ہے اور کل کے کنگلے آج کے اربوں کھربوں پتی بن چکے ہیں اور اُنکی جائیدادوں میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے جس کو فوری طور پر ختم کر کے انہی تینوں کے اضلاع کے ڈپٹی کمشنر کے زیر سایہ چولستان کی حد بندی کر کے تقسیم کر دیا جائے تا کہ وہ اپنے مسائل کو اپنی دہلیز پر ہی حل کرا سکیں اور بے جا کی لوٹ مار سے جان چھوٹ جائے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب اور چیف سیکرٹری پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ چولستانیوں کو زرعی اراضیوں کی الاٹمنٹ کی سکیم سال 2014ء کو انہی تینوں اضلاع میں منعقد کیا جائے تا کہ شفافیت برقرار رہ سکے۔

**بقیہ 44**

فکر سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ اس اجتماع کے دوران کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے سیکورٹی کے بھرپور اقدامات کیے گئے تھے۔

**بقیہ 45**

کئی علاقوں میں گیس کی فراہمی بند ہے۔ سوئی سدرن کے ترجمان کا کہنا ہے کہ گیس کی قلت ہے، ایک دو دن دوپہر 2 تا شام 6 بجے گیس بند ہوسکتی ہے۔ ترجمان کا یہ بھی کہنا ہے کہ پائپ لائنز میں گیس پریشر کی بہتری کے لیے گیس بند کررہے ہیں۔

**بقیہ 46**

تفصیل کے مطابق رحیم یار خان میں ظلم کی انتہا غریب 8 سالہ معصوم گھریلو ملازمہ بچی کو چوری کا جھوٹا الزام لگا کر شدید تشدد کا نشانہ بنانے پر چولستان ڈومیسٹک ورکرز ٹریڈ یونین (رجسٹرڈ) بہاولپور ڈویژن کی صدر شہناز بی بی اور جنرل سیکرٹری صابر فرحت نے حکومت پنجاب سے پرزور اپیل کی ہے کہ جس بے دردی سے اس معصوم اور بے بس لاچار بچی کو گرم استری سے جلایا گیا ہے اور پلاس کے ساتھ منہ، ٹانگوں اور آنکھوں پر ضربیں لگائی گئیں۔ بہیمانہ ظلم کر کے اسے بینائی سے محروم کیا گیا ہے۔ یہ ایک انسانیت سوز ظلم ہے اور اس ظلم کے خلاف فی الفور قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے اور مجرمان جو کہ کسی بھی رحم کے قابل نہ ہیں انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ سماجی اور مزدور راہنما صابر فرحت نے حکومت اور ضلعی انتظامیہ سے فی الفور یہ مطالبہ بھی کیا کہ اس معصوم بچی کا مفت سرکاری خرچے پر علاج کیا جائے

**بقیہ 47**

مذکورہ ملزم نور محمد کو حراست میں لیکر اسکے قبضہ سے جعلی کرنسی برآمد کرکے مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی

**بقیہ 48**

والا کسی نفسیاتی الجھن کا شکار ہے یا معاملہ کچھ اور ہے اسوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر پولیس اہلکار ذہنی مسائل کا شکار تھا تو معطلی کے بعد اسے دوبارہ ملازمت پر کس نے بحال کیا؟ یہ سوال بھی ذہنوں میں ابھرتا ہے کہ اسکول انتظامیہ نے کئی بار اہلکار کو ہٹانے کیلئے پولیس افسران سے درخواست کی تھی تو اس پر عملدرآمد کیوں نہیں ہوا؟ ذرائع کے مطابق اس طرح کی کئی مثالیں موجود ہیں کہ محکمہ پولیس سے منشیات فروشی یا دیگر جرائم میں ملوث اہلکاروں کو برخاست کیا گیا مگر اعلیٰ افسران کے خصوصی احکامات پر متعلقہ اہلکار دوبارہ بحال کر دیئے گئے یا نئے بیلٹ نمبر سے دوبارہ بھرتی کیے گئے۔ منگل کو پیش آنے والے دلخراش واقعے کے بعد عوام یہ شکوہ کرتے نظر آتے ہیں کہ اس طرح کے پولیس اہلکاروں کی دوبارہ بحالی کی وجہ سے سنگوٹہ جیسے واقعات جنم لیتے ہیں۔ اسٹوڈنٹس کی وین پر فائرنگ کے بعد سامنے آنے والے سوالات نہایت اہم تھے اس لئے آج ڈیجیٹل نے ڈی پی او سوات شفیع اللہ گنڈاپور سے رابطہ کیا اور انکے سامنے یہ تمام سوالات رکھے جس پر انکا کہنا تھا کہ کانسٹیبل عالم سنگوٹہ پبلک اسکول میں تعینات تھا اچانک اس نے بچیوں کی وین پر فائرنگ کی جس سے طالبہ عائشہ جاں بحق اور دیگر بچیاں زخمی ہوئیں۔ فائرنگ سے زخمی ہونے والی دو بچیاں اب بھی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔ ڈی پی او سوات شفیع اللہ گنڈاپور کے مطابق کانسٹیبل کی پوری پروفائل دیکھی جا رہی ہے۔ انہیں دی گئی اب تک کی معلومات کے مطابق عالم خان اسپیشل پولیس فورس میں بھرتی ہوا۔ اس نے 2022 میں بونیر میں ٹریننگ اسکول میں تربیت حاصل کی اور پانچ ماہ سے سنگوٹہ پبلک اسکول میں تعینات تھا۔ شفیع اللہ نے مزید بتایا کہ ایک دفعہ اس کانسٹیبل کی معطلی اُس کے غیر حاضر رہنے کی وجہ سے ہوئی تھی تاہم موجودہ واقعے پر جے آئی ٹی بنائی گئی ہے جو مکمل تحقیقات کے بعد حقائق سامنے لائے گی۔ فائرنگ کرنے والے پولیس اہلکار پر فی الحال 320، 324 اور 427 کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ اسکول کی طرف سے کانسٹیبل سے متعلق شکایات پر ڈی پی او نے بتایا کہ انھیں یا ان کے دفتر کو اس حوالے سے کوئی تحریری شکایت نہیں ملی۔ دوسری طرف اسکول وین میں فائرنگ سے جاں بحق نرسری کی طالبہ 6 سالہ عائشہ کے چچا حیات علی نے میڈیا کو بتایا کہ عینی شاہدین نے دیکھا کہ پولیس کانسٹیبل نے پورا میگزین بچیوں پر خالی کیا اور دوسرا میگزین لوڈ کرنے کی کوشش کے دوران عوام نے اسے پکڑ لیا۔ حیات علی نے عینی شاہدین کے حوالے سے مزید بتایا کہ اہلکار کی جانب سے پوری وین پر حملہ کیا گیا، جس سے ایسا لگا کہ اس نے تمام بچیوں کو مارنے کی کوشش کی ہے۔ واضح رہے کہ سوات میں بچیوں پر فائرنگ کا یہ پہلا واقعہ نہیں ہے اس طرح کا حملہ اس سے قبل بھی ہو چکا ہے۔ اہلکار کی فائرنگ سے جاں بحق بچی کے چچا نے انکشاف کیا کہ حملہ کرنے والے پولیس کانسٹیبل کا پہلے طالبان سے تعلق تھا جبکہ کچھ لوگ کہہ رہے ہیں کہ وہ ذہنی طور پر فٹ نہیں تھا

**بقیہ 49**

شراب برآمدگی، گنجمنڈی پولیس نے ملزم عامر کو گرفتار کرکے ملزم سے 06 لیٹر شراب برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

**بقیہ 50**

تحریری گزارشات پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ سپریم کورٹ کے حکمنامہ کے مطابق اٹارنی جنرل وفاق کی طرف سے پیش ہوئے، تحریک انصاف کے وکیل علی ظفر نے عدالتی نوٹس کمرہ عدالت میں وصول کیا۔ حکمنامے میں کہا گیا کہ الیکشن کمیشن نظرثانی پر آئندہ سماعت 23 مئی کو ہوگی۔

**بقیہ 51**

دوران بعض مقامات پر ژالہ باری کی بھی توقع ہے۔ گذشتہ روز بھی ایک رپورٹ میں بتایا گیا تھا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سمیت ملک کے بالائی علاقوں میں آندھی/ جھکڑ چلنے کے علاوہ چند مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارش جبکہ بعض مقامات پر ژالہ باری کا امکان ہے۔ گذشتہ 24 گھنٹے کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک اور گرم رہا۔ تاہم پنجاب، سندھ اور بگروٹ میں چند مقامات پر بارش ہوئی۔ سب سے زیادہ بارش پنجاب میں خانپور 28، رحیم یار خان 04، سیالکوٹ، گجرات 03، جوہر آباد 02، نور پور تھل، اٹک، چکوال 01، سندھ میں روہڑی 04، جیکب آباد، سکھر 02، گلگت بلتستان میں بگروٹ میں 01 ملی میٹر بارش ریکارڈ ہوئی۔ اس دوران ملک میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت شہید بینظیر آباد 44، سبی، سکرنڈ اور دادو میں 43 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

**بقیہ 52**

پیداوار میں فروری کے مقابلہ میں 9.1 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ اعداد وشمار کے مطابق جاری مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں ملبوسات کی پیداوار میں سالانہ بنیاد پر 11 فیصد، مشروبات 1.4 فیصد اور مینوفیکچرنگ کے شعبے میں 29 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی ہے۔ اس کے برعکس ٹیکسٹائل، کوئلہ، پٹرولیم مصنوعات، فرنیچر، لیدر، آئرن اینڈ سٹیل سمیت کئی شعبوں کی پیداوار میں کمی ہوئی۔

**بقیہ 53**

رہے کہ شرپسندوں کے خلاف حکومت کی جانب سے کریک ڈاؤن جاری ہے ایف آئی اے اور دیگر اداروں کی معاونت سے ملوث مشتعل افراد کی شناخت جاری ہے۔

**بقیہ 54**

کی جس کی زد میں آ کر حافظ جاوید جاں بحق جبکہ اس کا بیٹا زخمی۔ پولیس کے مطابق ملزم اسد حافظ جاوید کا سابقہ بہنوئی تھا۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور فرانزک ٹیم موقع پر پہنچ گئی جس نے شواہد اکٹھے کرنے کے بعد لاش کو مردہ خانے منتقل کردیا۔

**بقیہ 55**

نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کرکے سزایاب کروایا جائے گا

**بقیہ 56**

ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 23 فیصد کم ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملک میں 1.524 ارب ڈالر کی براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری ریکارڈ کی گئی تھی۔ اپریل میں ملک میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کا حجم 122 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال اپریل کے مقابلے میں 29 فیصد کم ہے۔ گزشتہ سال اپریل میں ملک میں 171 ملین ڈالر کی براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری ریکارڈ کی گئی تھی۔ جاری مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں چین نے پاکستان میں 348 ملین ڈالر، جاپان 163 ملین ڈالر، سوئٹزر لینڈ 132 ملین ڈالر، یو اے ای 114 ملین ڈالر، امریکہ 71 ملین ڈالر، نیدرلینڈز 61 ملین ڈالر، فرانس 53 ملین ڈالر، برطانیہ 51 ملین ڈالر، سنگاپور 33 ملین ڈالر اور دیگر ممالک نے 63 ملین ڈالر کی براہ راست سرمایہ کاری کی ہے۔

**بقیہ 57**

جماعتیں سیاسی میدان میں اتریں تو دہشت گرد جماعت پی ٹی آئی اور اس کے سہولت کاروں کو چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی، فوجی املاک اور ملکی اثاثوں کو نقصان پہنچانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، آج عمران نیازی وضاحتیں کرکے مظلوم بننے کی کوشش کر رہا ہے، عمران خان آزادی کس سے مانگتا ہے، جو کہتا ہے اپنی آزادی لینے کا وقت، ہم سب کو قربانیاں دینی پڑیں گی وہ ان خیالات کا اظہار اسلام آباد دھرنے سے واپسی پر میڈیا سے کر رہے تھے، انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان کے حواری شیخ رشید نے واضح کہا کہ مار دو جلا دو اور عمران خان ملک کے حصے بکھرے کرنے والا ملک کو دیوالیہ کرکے آج ملکی املاک کو تباہ برباد کرنے والا قوم کو بتائے، قوم کو غلام بنانے کیلئے ظلم کیا جارہا، لوگوں کو گرفتار اور اغواء کرکے جیلوں میں ڈالا جارہا، عوام نے اس خوف کے بت کو توڑنا ہے، عمران خان نے کہا کہ جب بھی احتجاج کی کال آئے عوام نے اپنے حقوق اور حقیقی آزادی کے لیے پرامن طریقے سے اپنے گھروں سے نکلنا اور قربانیاں دینا ہونگی کیا یہ بیان عوام کو اکسانے کے لیئے کافی نہیں، عمران خان کی ملک دشمنی سے تنگ سیاسی طاقت مٹھی میں ریت کی طرح سرک رہی ہے اور کوئی دن نہیں جاتا ہے کہ اس کے حامی، پارٹی سے لاتعلقی اختیار کرنے والوں اور وعدہ معاف گواہوں کا ایک انبوہ کثیر دیکھ کر جلد قوم دنگ رہ جائیں گی۔

**بقیہ 58**

سلسلہ جاری ہے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سمیت مختلف شہروں میں آج بھی فوج کے حق میں مظاہرے کیے گئے۔ پاکستان مسلم لیگ ق سمیت مختلف چھوٹی بڑی جماعتوں اور انجمنوں کی جانب سے افواج پاکستان کے حق میں منعقدہ ریلیوں میں پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگانے کے ساتھ سکیورٹی فورسز کے شہدا کو خراج عقیدت اور غازیوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اسلام آباد میں پاک فوج زندہ باد ریلی کورال چوک سے شروع ہوئی اور زیرو پوائنٹ سے ہوتی ہوئی پریس کلب پہنچی۔ ریلی میں لوگوں کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ بہاولنگر میں بھی پاک فوج کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے سماجی رہنماء رانا بختاور کی قیادت میں ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی میں سول سوسائٹی کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے پاک فوج زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے۔ ادھر پشاور میں پاک فوج اور سکیورٹی اداروں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے عوام نے ہشت نگری سے ریلی شروع کی۔ ریلی کے شرکاء نے پولیس کو ہار پہنائے اور پھول کی پتیاں نچھاور کیں۔ ریلی کے شرکاء نے پاکستانی پرچم تھام کر فوج اور پولیس کے حق میں نعرے لگائے۔ دوسری طرف آزاد کشمیر کے ضلع حویلی میں کہوٹہ کے مقام پر انتظامیہ، پولیس اور سرکاری ملازمین نے پاک فوج سے اظہار یکجہتی ریلی نکالی۔ ڈپٹی کمشنر حویلی چوہدری ساجد اسلم کی قیادت میں نکالی گئی پاک فوج زندہ باد ریلی میں سرکاری ملازمین، ریٹائرڈ فوجیوں، بلدیاتی نمائندوں، تاجروں، طلباء اور سمیت سول سوسائٹی کے نمائندوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی میں شریک افراد نے فوج کے حق میں نعرے بازی کی۔ شرکاء نے مختلف بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر پاک فوج زندہ باد کے نعرے درج تھے۔ ڈپٹی کمشنر آفس سے شروع ہونے والی ریلی کشمیر بینک چوک پہنچ کر بڑے اجتماع کی صورت اختیار کرگئی۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، حالیہ واقعات کی وجہ سے دشمن کو پروپیگنڈے کا موقع مل رہا ہے۔ مقررین نے مزید کہا کہ عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، شہداء اور غازیوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ عوام پاک فوج کے ہر حکم پر لبیک کریں گے اور خون کا آخری قطرہ دینے تک تیار ہیں۔ ریلی سے ڈپٹی کمشنر حویلی چوہدری ساجد اسلم۔ میونسپل کارپوریشن حویلی کے چیئرمین شیخ محمد عارف گلزار احمد خان راٹھور، صدر پی پی سمیت دیگر مقررین نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاک فوج سے یکجہتی کا اظہار کیا۔

**بقیہ 59**

منشیات فروش ابوسفیان کو 1200 گرام چرس سمیت رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا تھانہ میں مقدمہ درج

**بقیہ 60**

مکالمہ صحت مند سرگرمی ہے۔ صوبائی وزیر تعلیم نے بچوں کے سماجی و جذباتی رویوں کے موضوع پر پالیسی ڈرافٹ تیار کرنے کی ہدایت کی۔ مباحثے میں "" stop "" "" bullying کے موضوع پر شرکا نے اظہار خیال اور تجاویز پیش کیں۔ مباحثے میں فاروق راحیل، کامل مجید، ہبین نون، عباس راشد نے شرکت کی۔ ذوالفقار ثاقب، صائمہ ہارون، حنا احتشام، زاہدہ بتول بھی ڈائیلاگ کے مقررین میں شامل تھیں

**بقیہ 61**

کی سربراہی نادیہ پروین جنرل اسسٹنٹ ریونیو نے کی جبکہ فرقان احمد اسسٹنٹ ڈائریکٹر معدنیات نے سیکرٹری آکشن کمیٹی کے فرائض سرانجام دیئے۔ سیکرٹری معدنیات بابر امان بابر کے مطابق موصول ہونے والی بولیاں لائم سٹون بلاکس کی فکس کردہ ریزرو پرائس سے 172 فیصد زیادہ ہیں۔

**بقیہ 62**

دونوں ملزمان کو جیل بھیجنے کا حکم دیا، دیگر 18 کارکنوں کو بھی جوڈیشل ریمانڈ پر جیل منتقل کردیا گیا ہے۔

**بقیہ 63**

کمیشن کی طرف سے 4 اپریل کے حکم کے خلاف دائر نظر ثانی اپیل کی سماعت کے موقع پر ریمارکس دیئے ہیں کہ ادارے سیریس تھریٹس کے اندر ہیں، میرا مشورہ ہے فریقین پرامن ماحول کیلئے کردار ادا کریں، آج دیکھ لیں، حکومت بے بس ہے، لوگ گیٹ پھلانگ رہے ہیں، دوبارہ کہتا ہوں فریقین کو چاہیے، مذاکرات دوبارہ شروع کریں، حکومت مذاکرات کی دعوت دے تو علی ظفر بھی اپنی پارٹی سے بات کریں، الیکشن کمیشن نے پہلے یہ مؤقف اپنایا ہی نہیں تھا، جو نکات پہلے نہیں اٹھائے گیا وہ اب اٹھائے جاسکتے ہیں، مناسب ہوگا یہ نکات کسی اور کو اٹھانے دیں، عدالتی دائرہ اختیار کا نکتہ بھی الیکشن کمیشن نے نہیں اٹھایا تھا، وفاقی حکومت یہ نکتہ اٹھا سکتی تھی لیکن انہوں نے نظر ثانی دائر ہی نہیں کی، الیکشن کمیشن کی درخواست میں اچھے نکات ہیں، بعض نکات غور طلب ہیں ان پر فیصلہ کریں گے، فیصلہ حتمی ہو جائے پھر عمل درآمد کروائیں گے، ادارے اس وقت شدید خطرے کے اندر ہیں، میرا مشورہ ہے پرامن ماحول کیلئے کردار ادا کریں، دیکھیں اس وقت سپریم کورٹ کے باہر کیا صورتحال ہے، باہر جو ہو رہا ہے، کون آئین پر عمل کرائے گا، آج دیکھ لیں، لوگ گیٹ پھلانگ رہے ہیں، وفاقی حکومت مدد فراہم کر رہی ہے، آئین ہی جمہوریت کی بنیاد ہے، ہم ملک میں امن چاہتے ہیں، مشکل حالات میں اللہ پاک صبر کی تلقین کرتے ہیں، ملکی اداروں اور اثاثوں کو جلایا جارہا ہے، چار پانچ دن سے جو ہو رہا ہے اسے بھی دیکھیں گے، اس کے باوجود بھی ہم اپنا کام کر رہے ہیں، ایگزیکٹو اور اپوزیشن اخلاقیات کا اعلیٰ معیار برقرار رکھیں، آئین پر عمل لازمی ہے، ایسے ماحول میں آئین پر عملدرآمد کیسے کرایا جائے۔

**بقیہ 64**

بی بی کا کہنا ہے کہ ملزم فیصل وغیرہ نے گھر داخل ہو کر ہوس کا نشانہ بنا کر فرار ہو گئے۔ علاوہ ازیں گلبرگ کے علاقہ عوامی کالونی میں ملزمان فہد عبداللہ وغیرہ نے عبدالرزاق کی جواں سالہ بیٹی آمنہ کو اغواء کرلیا۔ مدینہ ٹاؤن کے علاقہ رسول پارک کی کوثر پروین کی بیٹی مقدس عرف سونیا کو بازار جاتے ہوئے ملزم احسان وغیرہ نے اغواء کرلیا، رضا آباد کے علاقہ تلیانوالہ کے زاہد علی نے بتایا کہ اس کا ہمسایہ اوباش ملزم زاہد اسکی اہلیہ نسیم بی بی اور 25 ج ب کے بشیر احمد کی بیٹی صائمہ بی بی کو اوباش ملزمان نے اغواء کر کے فرار ہو گئے۔

**بقیہ 65**

مترادف ہے۔ نگران وزیراعلی پنجاب نے شرپسندوں کے خلاف درج مقدمات کی بھرپور پیروی کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ مفرور شرپسندوں کی جلد از جلد گرفتاری یقینی بنائی جائے، 9 مئی کا دن پاکستان کی تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے، آرمی تنصیبات اور عوامی اثاثوں پر حملہ کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

**بقیہ 66**

جماعتیں سیاسی میدان میں اتریں تو دہشت گرد جماعت پی ٹی آئی اور اس کے سہولت کاروں کو چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی، فوجی املاک اور ملکی اثاثوں کو نقصان پہنچانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، آج عمران نیازی وضاحتیں کرکے مظلوم بننے کی کوشش کر رہا ہے، عمران خان آزادی کس سے مانگتا ہے، جو کہتا ہے اپنی آزادی لینے کا وقت، ہم سب کو قربانیاں دینی پڑیں گی وہ ان خیالات کا اظہار اسلام آباد دھرنے سے واپسی پر میڈیا سے کر رہے تھے، انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان کے حواری شیخ رشید نے واضح کہا کہ مار دو جلا دو اور عمران خان ملک کے حصے بکھرے کرنے والا ملک کو دیوالیہ کرکے آج ملکی املاک کو تباہ برباد کرنے والا قوم کو بتائے

## سپریم کورٹ نے الیکشن کمیشن نظرثانی درخواست پر پہلی سماعت کا حکمنامہ جاری کردیا

### الیکشن کمیشن نظر ثانی پر تمام فریقین کو نوٹس جاری کیے گئے، تمام فریقین کو نظر ثانی پر تحریری گزارشات پیش کرنے کی ہدایت کی گئی

### اٹارنی جنرل وفاق کی طرف سے پیش ہوئے، تحریک انصاف کے وکیل علی ظفر نے عدالتی نوٹس کمرہ عدالت میں وصول کیا

اسلام آباد(خصوصی رپورٹر) سپریم کورٹ آف پاکستان نے الیکشن کمیشن نظرثانی درخواست پر پہلی سماعت کا حکم نامہ جاری کردیا۔ حکمنامے میں کہا گیا کہ الیکشن کمیشن نظر ثانی پر تمام فریقین کو نوٹس جاری کیے گئے، تمام فریقین کو نظر ثانی پر تحریری گزارشات پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ سپریم کورٹ کے حکمنامہ کے مطابق اٹارنی جنرل وفاق کی طرف سے پیش ہوئے، تحریک انصاف کے وکیل علی ظفر نے عدالتی نوٹس کمرہ عدالت میں وصول کیا۔ حکمنامے میں کہا گیا کہ الیکشن کمیشن نظرثانی پر آئندہ سماعت 23 مئی کو ہوگی۔ سپریم کورٹ آف پاکستان نے الیکشن کمیشن نظرثانی درخواست پر پہلی سماعت کا حکم نامہ جاری کر دیا۔ حکمنامے میں کہا گیا کہ الیکشن کمیشن نظرثانی پر تمام فریقین کو نوٹس جاری کیے گئے، تمام فریقین کو نظرثانی پر تحریری گزارشات پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ سپریم کورٹ کے حکمنامہ کے مطابق اٹارنی جنرل وفاق کی طرف سے پیش ہوئے، تحریک انصاف کے وکیل علی ظفر نے عدالتی نوٹس کمرہ عدالت میں وصول کیا۔ حکمنامے میں کہا گیا کہ الیکشن کمیشن نظرثانی پر آئندہ سماعت 23 مئی کو ہوگی۔ سپریم کورٹ آف پاکستان نے الیکشن کمیشن نظرثانی درخواست پر پہلی سماعت کا حکم نامہ جاری کردیا۔ حکمنامے میں کہا گیا کہ الیکشن کمیشن نظرثانی پر تمام فریقین کو نوٹس جاری کیے گئے، تمام فریقین کو نظرثانی پر(بقیہ نمبر 50)

## پنجاب کے مختلف شہروں میں آندھی اور بارشوں کا امکان

### مغربی ہوائیں ملک کے بالائی علاقوں میں داخل، آج 18 مئی تک موجود رہیں گی

### لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، سمیت کئی شہروں میں بارش کا امکان

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) مغربی ہوائیں پاکستان میں داخل ہوں گئیں جس کے بعد پنجاب کے مختلف شہروں میں آندھی اور بارشیں ہوسکتی ہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج مغربی ہوائیں ملک کے بالائی علاقوں میں داخل ہوں گی ہیں اور آج 18 مئی تک موجود رہیں گی۔ لاہور، اسلام آباد، مری، راولپنڈی، اٹک، چکوال، جہلم، سرگودھا، میانوالی، خوشاب میں آج موسلادھار بارش کا امکان ہے۔ بھکر، فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، شیخوپورہ، ننکانہ، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، قصور، اوراوکاڑہ میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ اسی(بقیہ نمبر 51)

## بڑی صنعتوں کی پیداوار میں 9 ماہ کے دوران سالانہ بنیاد پر کمی ہوئی، ادارہ شماریات

فیصل آباد(سٹی رپورٹر) ملک میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں جاری مالی سال کے پہلے 9 ماہ کے دوران سالانہ بنیاد پر کمی ریکارڈ کی گئی۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کے مطابق جولائی سے مارچ تک بڑی صنعتوں کی پیداوار کا اشاریہ 116.6 پوائنٹس ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 126.9 تھا۔ مارچ میں بڑی صنعتوں کی(بقیہ نمبر 52)

## افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی، مختلف شہروں میں ریلیاں

### مختلف شہروں میں ریلیوں کے شرکاء نے پاک فوج زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے

اسلام آباد(جنرل رپورٹر)افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کیلئے مختلف شہروں میں ریلیاں نکالی گئیں۔ پاک فوج زندہ باد، یہ نعرہ آج کل زیادہ ہی زبان زد عام ہے۔ 9 مئی کو عمران خان کی گرفتاری کے بعد ملک میں جلاؤ گھیراؤ اور پُرتشدد احتجاج کے بعد فوجی تنصیبات کو بھی نقصان پہنچایا گیا۔ 9 مئی کے قابل مذمت واقعات کے بعد سے افواج پاکستان کے حق میں ریلیاں نکالے جانے کا (بقیہ نمبر 58)

## عوام موجودہ حکومت اور پاک فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے، میاں حسیب امجد

رائیونڈ(جنرل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماء امیدوار پی پی حلقہ 164 میاں حسیب امجد نے کہا کہ اسلام آباد دھرنے نے ثابت کردیا ہے، کہ عوام موجودہ حکومت اور پاک فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے، پی ڈی ایم کی تمام(بقیہ نمبر 57)

## پولیس کا منشیات فروشی کے اڈے پر چھاپہ ایک شخص گرفتار 1200 گرام چرس برآمد

عارف والا(جنرل رپورٹر) پولیس کا منشیات فروشی کے اڈے پر چھاپہ ایک شخص گرفتار 1200 گرام چرس برآمد تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی کے اے ایس آئی پرویز خاں نے پولیس نفری کے ہمراہ مخبر کی اطلاع پر کاروائی کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 59)

لاہور: تحریک لبیک پاکستان کا 22 مئی کو پاکستان بچاؤ مارچ کا اعلان

## معاشرے میں منفی رویوں کی روک تھام کیلئے سکول کی سطح پر بچوں کی تربیت ضروری ہے، منصور قادر

### سکول کا زمانہ بچوں کے سماجی وجذباتی رویوں کی تشکیل میں اہم ترین کردار ادا کرتا ہے۔ صوبائی وزیر تعلیم

### محکمہ تعلیم پنجاب کے پی ایم آئی یونٹ کے ذریعے اہتمام سکولوں میں طلبا کی سماجی و جزباتی بہبود کے موضوع پر مباحثہ

لاہور( خصوصی رپورٹر) محکمہ تعلیم پنجاب کے پی ایم آئی یونٹ کے ذریعے اہتمام سکولوں میں طلبا کی سماجی و جزباتی بہبود کے موضوع پر مباحثہ منعقد ہوا۔ جس میں یونیسف و پرائیویٹ سکولز کے نمائندوں، قانونی ماہرین اور سرکاری افسران نے بحث میں حصہ لیا۔ صوبائی وزیر تعلیم منصور قادر بحثیت مہمان خصوصی مباحثہ میں شریک ہوئے۔ صوبائی وزیر نے بحث سمیٹتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں منفی رویوں کی روک تھام کے لئے سکول کی سطح پر بچوں کی تربیت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سکول کا زمانہ بچوں کے سماجی وجذباتی رویوں کی تشکیل میں اہم ترین کردار ادا کرتا ہے۔ اساتذہ، والدین، میڈیا اور طلبا و طالبات کے دوستوں کا حلقہ ان کے رویوں کا تعین کرتے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پہلی دفعہ کسی سرکاری ادارے میں ایسے نازک موضوع پر بحث کی گئی۔ سکولوں میں بچوں کی ٹھوس تربیت ساری عمران کے لئے مشعل راہ کا کام دیتی ہے۔ تعلیمی اداروں میں طلبا و طالبات کو درپیش ہر قسم کے مسائل پر عام(بقیہ نمبر 60)

## الیکشن کمیشن نے ملک بھر میں عام انتخابات کی تیاریاں شروع کردیں

### مراسلے میں کہا گیا ہے کہ یکم جون تک ڈی آر اوز، آر اوز اور اسسٹنٹ ریٹرننگ افسران کا ڈیٹا فراہم کیا جائے

### ملک بھرمیں عام انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے الیکشن کمیشن نے ریٹرننگ افسران کی فہرستیں مرتب کرنا شروع کردی ہیں

اسلام آباد( خصوصی خبرنگار)الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ملک بھر میں عام انتخابات کی تیاریاں شروع کردیں۔ ملک بھر میں عام انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے الیکشن کمیشن نے ریٹرننگ افسران کی فہرستیں مرتب کرنا شروع کردی ہیں، اس ضمن میں الیکشن کمیشن نے چاروں صوبائی الیکشن کمشنرز کے نام مراسلہ جاری کیا ہے۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ یکم جون تک ڈی آر اوز، آر اوز اور اسسٹنٹ ریٹرننگ افسران کا ڈیٹا فراہم کیا جائے، الیکشن کمیشن پولنگ عملے کی نشاندہی کے بعد ٹریننگ کا آغاز کرے گا۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ملک بھر میں عام انتخابات کی تیاریاں شروع کردیں۔ ملک بھر میں عام انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے الیکشن کمیشن نے ریٹرننگ افسران کی فہرستیں مرتب کرنا شروع کردی ہیں، اس ضمن میں الیکشن کمیشن نے چاروں (بقیہ نمبر31)

ژوب: سراج الحق کے قافلے پر خودکش حملہ، 6افراد زخمی

## رکن سندھ اسمبلی رمضان گھانچی کا بھی پارٹی چھوڑنے کا فیصلہ

### ملکی سلامتی کے اداروں پر حملے کسی صورت برداشت نہیں کرسکتا۔ رمضان گھانچی

کراچی(جنرل رپورٹر)رکن سندھ اسمبلی رمضان گھانچی نے بھی پارٹی چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا۔ رمضان گھانچی نے فیصلے سے متعلق قیادت کو بھی آگاہ کردیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق رمضان گھانچی کا کہنا ہے کہ ملکی سلامتی کے اداروں پر حملے کسی صورت برداشت نہیں کرسکتا۔ امکان ظاہر کیا جا رہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے مزید اراکین سندھ اسمبلی بھی پارٹی کو خیرباد کہہ سکتے ہیں۔ اس قبل پاکستان تحریک انصاف سندھ کے سینئر نائب صدر محمود مولوی نے 9 مئی کے پرتشدد واقعات کی و(بقیہ نمبر35)

## فوجی تنصیبات پر حملے، تحریک انصاف کے رہنما کا پارٹی چھوڑنے کا فیصلہ

### محمود مولوی نے سرکاری تنصیبات پر حملے کے خلاف پارٹی چھوڑنے کا فیصلہ کیا

### پی ٹی آئی کے کچھ اور رہنما بھی تحریک انصاف سے راہیں الگ کرنے کا سوچ رہے ہیں

اسلام آباد(خبرنگار) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما مولوی نے پارٹی چھوڑنے کا فیصلہ کیا۔ میڈیا ذرائع کا کہنا ہے کہ محمود مولوی نے سرکاری تنصیبات پر حملے کے خلاف پارٹی چھوڑنے کا فیصلہ کیا۔ محمود مولوی نے تحریک انصاف کے تمام سوشل میڈیا گروپ بھی چھوڑ دیئے۔ پارٹی چھوڑنے کا اعلان کچھ دیر بعد کانفرنس میں کریں گے۔ اس طرح کی خبریں زیرگردش ہیں کہ 9 مئی کے واقعات کے بعد پی ٹی آئی کے کچھ اور رہنما بھی تحریک انصاف سے راہیں الگ کرنے کا سوچ رہے ہیں۔ جب کہ پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کا کہنا ہے کہ ثابت کروں گا جلاؤ گھیراؤ کرنے والوں کو پرامن مظاہرین کی صفوں میں داخل کیا گیا۔ عمران خان نے 22 مارچ کو جاری کیا جانے والا ویڈیو پیغام دوبارہ شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ 18 مارچ کو اسلام آباد کے جیوڈیشل کمپلیکس میں بچھائے گئے اپنے قتل کے جال سے ربّ العزت کے کرم سے بحفاظت نکلنے کے بعد میں نے 22 مارچ کو یہ بیان ریکارڈ کروایا۔ میں نے نہایت(بقیہ نمبر42)

لاہور: عمران خان اور حکومتی ٹیم کی ملاقات، تلاشی کیلئے ایس او پیز پر بات چیت

## ایم سی آر کے 3 ملازمین کیخلاف پیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی کا آغاز

### واضح رہے کہ شرپسندوں کے خلاف حکومت کی جانب سے کریک ڈاون جاری ہے

### ایف آئی اے اور دیگر اداروں کی معاونت سے ملوث مشتعل افراد کی شناخت جاری ہے

راولپنڈی (جنرل رپورٹر ) عمران خان کی گرفتاری پر پرتشدد مظاہروں میں ملوث سرکاری ملازمین کیخلاف کارروائی کا فیصلہ کرلیا گیا۔ شرپسندوں کی شناخت مکمل کرلی گئی تصدیق ہونے پر ایم سی آر کے 3 ملازمین کیخلاف پیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی کا آغاز کردیا گیا۔ خیال رہے کہ چیرمین پی ٹی آئی عمران خان کی القادر ٹرسٹ کیس میں مبینہ کرپشن کے الزام میں گرفتاری پر ملک بھر میں مظاہرے پھوٹ پڑے تھے۔ مشتعل مظاہرین نے لاہور کور کمانڈر ہاوس اور جی ایچ کیو پر حملہ کرکے سرکاری تنصیبات کو نقصان پہنچایا۔ واضح رہے کہ شرپسندوں کے خلاف حکومت کی جانب سے کریک ڈاون جاری ہے ایف آئی اے اور دیگر اداروں کی معاونت سے ملوث مشتعل افراد کی شناخت جاری ہے۔ شرپسندوں کی شناخت مکمل کرلی گئی تصدیق ہونے پر ایم سی آر کے 3 ملازمین کیخلاف پیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی کا آغاز کردیا گیا۔ خیال رہے کہ چیرمین پی ٹی آئی عمران خان کی القادر ٹرسٹ کیس میں مبینہ کرپشن کے الزام میں گرفتاری پر ملک بھر میں مظاہرے پھوٹ پڑے تھے۔ مشتعل مظاہرین نے لاہور کور کمانڈر ہاوس اور جی ایچ کیو پر حملہ کرکے سرکاری تنصیبات کو نقصان پہنچایا۔ واضح (بقیہ نمبر 53)

## راولپنڈی پولیس کی شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں

### 03 ملزمان گرفتار، 29 بوتل اور 06 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی( کرائم رپورٹر)راولپنڈی پولیس کی شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں، 03 ملزمان گرفتار، 29 بوتل اور 06 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق کلرسیداں پولیس نے ملزم خورشید کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 25 بوتل شراب برآمد ہوئی، صدر بیرونی پولیس نے ملزم رمضان کو گرفتار کرکے ملزم سے 04 بوتل شراب برآمد کی، گنجمنڈی پولیس نے ملزم عامر کو گرفتار کرکے ملزم سے 06 لیٹر شراب برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ راولپنڈی پولیس کی شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں، 03 ملزمان گرفتار، 29 بوتل اور 06 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق کلرسیداں پولیس نے ملزم خورشید کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 25 بوتل شراب برآمد ہوئی، صدر بیرونی پولیس نے ملزم رمضان کو گرفتار کرکے ملزم سے 04 بوتل (بقیہ نمبر 49)

## ایس ایچ او تھانہ گوجرخان اور انکی ٹیم منشیات فروشوں کے خلاف کمربستہ

### منشیات کا ملزم گرفتار چرس برآمد مقدمہ درج ملزم پابند سلاسل

گوجرخان( قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک محمد نواز اور انکی ٹیم منشیات فروشوں کے خلاف کمربستہ پولیس تھانہ گوجرخان نے ایس ایچ او کی سربراہی میں کاروائی کرتے ہوئے ملزم مسمی محمد سلیمان ولد محمد جاوید سکنہ جہلم سے300 گرام چرس برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 701/23 بجرم 9(1)3@ت پ تھانہ گوجرخان میں درج کر کے ملزم کو پابند سلاسل کر دیا ایس ایچ او تھانہ گوجرخان نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے سزایاب کروایا جائے گا تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک محمد نواز اور انکی ٹیم منشیات فروشوں کے خلاف کمربستہ پولیس تھانہ گوجرخان نے ایس ایچ او کی سربراہی میں کاروائی کرتے ہوئے ملزم مسمی محمد سلیمان ولد محمد جاوید سکنہ جہلم سے300 گرام چرس برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 701/23 بجرم 9(1)3@ت پ تھانہ گوجرخان میں درج کر کے ملزم کو پابند سلاسل کر دیا ایس ایچ او تھانہ گوجرخان (بقیہ نمبر 55)

## خاتون سے زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار

### خاوند نے درخواست دی کہ ڈرائیور پولی نے اس کی بیوی سے زیادتی کی کوشش کی

راولپنڈی( کرائم رپورٹر) تھانہ مندرہ پولیس کی کاروائی، خاتون سے زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق مندرہ پولیس کو متاثرہ خاتون کے خاوند نے درخواست دی کہ ڈرائیور پولی نے اس کی بیوی سے زیادتی کی کوشش کی، مندرہ پولیس نے مدعی کی درخواست پر فوری مقدمہ درج کرکے ملزم پولی کو گرفتار کرلیا، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، خواتین سے زیادتی ، تشدد اور ہراسمنٹ میں ملوث ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

## کراچی کے مختلف علاقوں میں گیس فراہمی بند

### پائپ لائنز میں گیس پریشر کی بہتری کے لیے گیس بند کررہے ہیں

کراچی(جنرل رپورٹر) کراچی کے مختلف علاقوں میں دوپہر 2 بجے سے گیس کی فراہمی بند ہے جس سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ ناظم آباد، نارتھ ناظم آباد اور گلبرگ سمیت شہر کے کئی علاقوں میں گیس کی فراہمی بند ہے۔ سوئی سدرن کے ترجمان کا کہنا ہے کہ گیس کی قلت ہے، ایک دو دن دوپہر 2 تا شام 6 بجے گیس بند ہوسکتی ہے۔ ترجمان کا یہ بھی کہنا ہے کہ پائپ لائنز میں گیس پریشر کی بہتری کے لیے گیس بند کررہے ہیں۔ کراچی کے مختلف علاقوں میں دوپہر 2 بجے سے گیس کی فراہمی بند ہے جس سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ ناظم آباد، نارتھ ناظم آباد اور گلبرگ سمیت شہر کے کئی علاقوں میں گیس کی فراہمی بند ہے۔ سوئی سدرن کے ترجمان کا کہنا ہے کہ گیس کی قلت ہے، ایک دو دن دوپہر(بقیہ نمبر45)

الیکشن کمیشن آف پاکستان
ELECTION COMMISSION OF
PAKISTAN

اسلام آباد: الیکشن کمیشن نے ملک بھر میں عام انتخابات کی تیاریاں شروع کردیں

## اسٹیٹ بینک نے پاکستان کے قرض کی تفصیلات جاری کردیں

### پاکستان کے قرض میں 14 ہزار 109 ارب 80 کروڑ روپے کا اضافہ ہوا ہے

### رواں سال مارچ میں مجموعی قرض 57 ہزار 122 ارب 50 کروڑ روپے تک پہنچ گیا

کراچی(جنرل رپورٹر) اسٹیٹ بینک نے پاکستان کے قرض کی تفصیلات جاری کردیں ہیں۔ رواں سال مارچ میں مجموعی قرض 57 ہزار 122 ارب 50 کروڑ روپے تک پہنچ گیا۔ فروری میں پاکستان کا مجموعی قرض 54 ہزار 400 ارب روپے تھا، مارچ میں پاکستان کے قرض میں فروری کے مقابلے میں 2 ہزار 685 ارب روپے کا اضافہ ہوا جو 4.9 فیصد بنتا ہے۔ دسمبر 2022 میں پاکستان کا مجموعی قرض 51 ہزار 58 ارب 20 کروڑ روپے تھا، جون 2022 میں پاکستان کا مجموعی قرض(بقیہ نمبر34)

## قراقرم انٹرنیشنل یونیورسٹی میں چینی زبان اور کھانا کے مقابلے کا انعقاد

گلگت (جنرل رپورٹر) چین پاکستان دوستی کو مزید مضبوط بنانے اور چینی ثقافت کو سمجھنے کے لیے، قراقرم انٹرنیشنل یونیورسٹی ( کے آئی یو ) کے چائنا سٹڈی سینٹر ( سی ایس سی ) نے انٹرنیشنل آفس، انسٹی ٹیوٹ آف پروفیشنل ڈویلپمنٹ ( آئی پی ڈی ) کے تعاون سے طلباء کے درمیان چینی زبان اور چینی کھانا پکانے کے مقابلے کا انعقاد کیا ۔ گوادر پرو (بقیہ نمبر 40)

## محکمہ چولستان بہاولپور 2014ء سے الاٹمنٹ کا خواب آج بھی شرمندہ تعبیر نہ ہوسکا

بہاولپور (نیوز رپورٹر) محکمہ چولستان بہاولپور' 2014ء سے الاٹمنٹ کا خواب آج بھی شرمندہ تعبیر نہ ہوسکا' معصوم چولستانیوں کے حق پر مسلسل ڈاکہ زنی' اپنا نام کرنے کے چکر میں آج تک الاٹمنٹ نہ ہوسکی' متعدد مینجنگ ڈائریکٹرز تبدیل ہو گئے' ہر کوئی مالا مال ہوا مگر حالات نہ بدلی تو معصوم چولستانی کی نہ بدلی' محکمہ میں لوٹ مار اور اقرباء پروری کی متعدد بدترین داستانیں زبان زد عام اور اخبارات کی زینت بنتی رہیں مگر آج تک کسی بھی اعلیٰ افسر یا چیف سیکرٹری نے کسی ذمہ دار کو سزا نہ دی' سب نے بہتی گنگا میں (بقیہ نمبر43)

## القادر ٹرسٹ کرپشن کیس، شیخ رشید 24 مئی کو نیب راولپنڈی میں طلب

### نیب نے سربراہ عوامی مسلم لیگ کو کیس سے متعلقہ دستاویزات بھی ساتھ لانے کی ہدایت کردی

### سابق وزیراعظم نے ملزمان کو رقم واپس دے کر 458 کنال اراضی اور 28 کروڑ روپے حاصل کیے

راولپنڈی ( نیوز رپورٹر) القادر ٹرسٹ کرپشن کیس، شیخ رشید کو طلب کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق نیب راولپنڈی نے القادر ٹرسٹ کرپشن کیس میں سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید 24 مئی کو طلب کرلیا ہے، نیب نے شیخ رشید کو طلبی کا نوٹس بھی جاری کردیا، شیخ رشید کو کیس سے متعلقہ دستاویزات بھی ہمراہ لانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ دوسری جانب القادر ٹرسٹ کرپشن کیس میں برطانیہ سے 190 ملین پاؤنڈ کی غیرقانونی منتقلی کے معاملے پر چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کو آج نیب راولپنڈی میں پیش (بقیہ نمبر 33)

## راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں

### 04 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

### ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ڈویژنل ایس پیز

راولپنڈی( کرائم رپورٹر)راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں، 04 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق صاق آباد پولیس نے ملزمان شرجیل اور سفیان سے 02 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، چکری پولیس نے ملزم مسعود سے 01 رائفل کلاشنکوف معہ ایمونیشن، 03 پستول 09 ایم ایم معہ ایمونیشن اور 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن ، کہوٹہ پولیس نے ملزم واحد سے 01 پستول 30 بور برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق صاق آباد پولیس نے ملزمان شرجیل اور سفیان سے 02 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، چکری پولیس نے ملزم مسعود سے 01 رائفل کلاشنکوف معہ ایمونیشن، 03 پستول 09 ایم ایم معہ ایمونیشن اور 01 پستول 30 بور (بقیہ نمبر 38)

## سی سی پی او لاہور کی ہدایت پر جناح ہاؤس میں کرائم سین محفوظ بنانے کا عمل مکمل

لاہور(سٹی رپورٹر) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر جناح ہاؤس میں کرائم سین محفوظ بنانے کا عمل مکمل کرلیا گیا۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن کامران عادل کی فرانزک ٹیموں کے ہمراہ جناح ہاؤس آمد، ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور ڈاکٹر انوش مسعود، ایس پی انویسٹی گیشن صدر عبدالحنان بھی ساتھ تھے۔ پنجاب فرانزک سائنس(بقیہ نمبر 36)

## ایک روزہ تبلیغی اجتماع ملکی سلامتی، خوشحالی اور باہمی اتحاد کے لئے خصوصی دعاؤں کے ساتھ اختتام پذیر

گلگت (سٹی رپورٹر) گلگت شہر میں ایک روزہ تبلیغی اجتماع ملکی سلامتی، خوشحالی اور باہمی اتحاد کے لئے خصوصی دعاؤں کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ اس اجتماع میں گلگت بلتستان بھر سے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ اس اجتماع کے دوران کسی بھی ناخوشگوار(بقیہ نمبر 44)

## پی ٹی آئی خواتین ورکرز کے ساتھ تھانے میں ناروا سلوک پر پنجاب پولیس کا ردعمل

اسلام آباد ( جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی گرفتاری کے بعد 9 مئی کو ہونے والے پرتشدد مظاہروں اور احتجاج کے بعد پی ٹی آئی کے سینکڑوں کارکنان کو گرفتار کیا گیا تھا جن میں خواتین بھی شامل تھیں۔ سوشل میڈیا پر خبریں گردش کر رہی تھیں کہ گرفتار خواتین ورکرز (بقیہ نمبر39)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی
سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ
روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

## پولیس نے عمران خان کی رہائش گاہ کے سرچ وارنٹ حاصل کرلیے

### دہشت گردوں کی تلاش کے لیے گھر کے اندورنی اور بیرونی حصوں میں سرچنگ کی جائے گی، پولیس ذرائع

### پولیس ذرائع کے مطابق عمران خان کی رہائشگاہ کی تلاشی کے دوران ایس پی کے ہمراہ دیگر مرد وخواتین پولیس اہلکار ساتھ ہوں گی

لاہور( خبرنگار)لاہور پولیس نے زمان پارک میں واقع سابق وزیراعظم عمران خان کی رہائشگاہ کی تلاشی کے لیے سرچ وارنٹ حاصل کر لیے۔ پولیس ذرائع کے مطابق عمران خان کی رہائشگاہ کی تلاشی کے دوران ایس پی کے ہمراہ دیگر مرد وخواتین پولیس اہلکار ساتھ ہوں گی، دہشت گردوں کی تلاش کے لیے گھر کے اندورنی اور بیرونی حصوں میں سرچنگ کی جائے گی۔ کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا پولیس کے ہمراہ زمان پارک جائیں گے۔ دوسری جانب 9 مئی کے واقعات میں مبینہ طور پر ملوث افراد کی گرفتاری کے معاملے پر پی ٹی آئی سے مذاکرات چیئرمین پی ٹی آئی کی زمان پارک میں واقع رہائش گاہ پر حکومتی ٹیم آج جائے گی جس کی سربراہی کمشنر لاہور ڈویژن کریں گے۔ لاہور پولیس کی جانب سے مال روڈ اور دھرم پورہ کے درمیان کینال روڈ تاحال بند ہے، زمان پارک کی طرف آنے والے تمام راستے آج بھی پولیس کی طرف سے بند ہیں جبکہ مال روڈ اور دھرم پورہ نہر پل پر پولیس کی نفری موجود ہے۔

POLICE
NO FEAR

لاہور: پولیس نے عمران خان کی رہائش گاہ کے سرچ وارنٹ حاصل کرلیے

## ڈیفنس سی، گھریلو جھگڑے پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ایک زخمی

لاہور(جنرل رپورٹر) ڈیفنس سی کے علاقے میں گھریلو جھگڑے پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہوگیا۔ ایدھی ترجمان کے مطابق ڈیفنس سی کے علاقے میں گھریلو جھگڑے فائرنگ کا واقعہ ہوا۔ اسد نامی شخص نے فائرنگ (بقیہ نمبر 54)

## سوات: اہلکار کے بچیوں کو نشانہ بنانے کے پیچھے اصل حقائق کیا ہیں

سوات( سٹی رپورٹر)سوات کے سنگوٹہ پبلک اسکول میں بچیوں کی وین پر پولیس اہلکار کی فائرنگ نے کئی سوالات کو جنم دے دیا۔ سوات میں ایک روز قبل پولیس اسٹیشن منگلور کی حدود میں واقع سنگوٹہ اسکول میں پولیس اہلکار کی فائرنگ سے ایک بچی جاں بحق اور ٹیچر سمیت پانچ طالبات زخمی ہوگئی تھیں۔ اسکول میں فائرنگ کرنے والے اہلکار کے بارے میں تاثر دیا جارہا ہے کہ وہ ذہنی مریض ہے لیکن یہ جاننا بھی بہت ضروری ہے کہ کیا واقعی طالبہ کی جان لینے(بقیہ نمبر 48)

کراچی: پی پی پی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی اجلاس: 9 مئی کے واقعات پر مذمتی قرارداد منظور

## ملک میں براہ راست بیرونی سرمایہ کاری میں سالانہ بنیادوں پر 23 فیصد کی کمی

اسلام آباد(جنرل رپورٹر) ملک میں براہ راست بیرونی سرمایہ کاری میں جاری مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 23 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کی جانب سے اس حوالے سے جاری کردہ اعدادوشمار کے مطابق جولائی سے اپریل تک کی مدت میں ملک میں 1.17 ارب ڈالر کی براہ راست غیرملکی سرمایہ کاری (بقیہ نمبر56)

## لائم سٹون بلاکس کے پانچ سالہ ٹھیکہ جات کی مد میں 1.5 ارب روپے کی ریکارڈ بولیاں

لاہور (نیوز رپورٹر) محکمہ معدنیات کو ضلع اٹک میں لائم سٹون بلاکس کے پانچ سالہ ٹھیکہ جات کی مد میں 1.5 ارب روپے کی ریکارڈ بولیاں موصول ہوئی ہے۔ مذکورہ لائم سٹون ٹھیکہ جات عرصہ دراز سے خالی پڑے ہوئے تھے۔ نیلامی کمیٹی (بقیہ نمبر 61)

## تحریک انصاف کے 20 کارکن انسداد دہشت گردی عدالت میں پیش

لاہور (سٹی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے 20 کارکنوں کو انسداد دہشت گردی کی عدالت میں پیش کیا گیا، ملزم تحریک انصاف کے صوبائی ٹکٹ ہولڈر ملک اسماعیل سیلا اور محمد علی کو تھانہ غلام محمد آباد کی طرف سے عدالت میں پیش کیا گیا اور جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی جسے انسداد دہشت گردی کے خصوصی جج محمد حسین نے مسترد کر دیا اور(بقیہ نمبر 62)

## موجودہ حالات میں پی ٹی آئی سے مذاکرات ممکن نہیں

### جو کچھ ایک ہفتے سے ہو رہا ہے، ایسے میں پی ٹی آئی سے بات چیت مشکل ہے

### حالات بہتر ہونے پر مذاکرات کے لیے سوچا جاسکتا ہے۔ اٹارنی جنرل پاکستان منصور عثمان

اسلام آباد( سٹاف رپورٹر) اٹارنی جنرل پاکستان منصور عثمان کا کہنا ہے کہ موجودہ حالات میں پی ٹی آئی سے مذاکرات ممکن نہیں۔ میڈیا سے غیررسمی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جو کچھ ایک ہفتے سے ہو رہا ہے، ایسے میں پی ٹی آئی سے بات چیت مشکل ہے۔ حالات بہتر ہونے پر مذاکرات کے لیے سوچا جا سکتا ہے۔ اٹارنی جنرل منصور عثمان نے کہا کہ موجودہ حکومت اپنی مقررہ مدت پوری کرے گی۔ سپریم کورٹ نے 15 مئی کو حکومت اور پی ٹی آئی کو دوبارہ مذاکرات شروع کرنے کا مشورہ دیا تھا۔ موجودہ حالات مذاکرات کے لیے موزوں نہیں۔ خیال رہے کہ چیف جسٹس آف پاکستان نے الیکشن (بقیہ نمبر 63)

## فیصل آباد، اوباش افراد نے سبز باغ دکھا کر دو لڑکیوں کو بے آبرو کردیا

### پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کرکے مغویان کی بازیابی کیلئے ملزمان کی تلاش شروع کردی

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد اوباش افراد نے سبز باغ دکھا کر دو لڑکیوں کو بے آبرو کر دیا جبکہ 4 خواتین کو اغواء کر کے لے گئے' پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کر کے مغویان کی بازیابی کیلئے ملزمان کی تلاش شروع کر دی' 550 گ ب کے رہائشی خادم حسین نے بتایا کہ اوباش نوجوان ابراہیم نے اسکی بیٹی کو شادی کا جھانسہ دیکر زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا۔ ترکھانی کے علاقہ 219 گ ب کی سکینہ(بقیہ نمبر 64)

## جناح ہاؤس پر حملہ، محکمہ داخلہ پنجاب نے جے آئی ٹی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا

### نوٹیفکیشن کے مطابق ڈی آئی جی کامران عادل کو جے آئی ٹی کا سربراہ مقرر کیا گیا ہے

### ایس ایس پی صہیب اشرف، رضا زاہد، تیمور خان اور محمد سرور کو جے آئی ٹی کا ممبر مقرر کیا گیا ہے

لاہور(خبرنگار) محکمہ داخلہ پنجاب نے جناح ہاس حملے پر جے آئی ٹی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈی آئی جی کامران عادل کو جے آئی ٹی کا سربراہ مقرر کیا گیا ہے، ایس ایس پی صہیب اشرف، رضا زاہد، تیمور خان اور محمد سرور کو جے آئی ٹی کا ممبر مقرر کیا گیا ہے۔ محکمہ داخلہ نے آئی جی پولیس کی سفارشات پر جے آئی ٹی کا نوٹیفکیشن جاری کیا۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے جناح ہاس حملے پر جے آئی ٹی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈی آئی جی کامران عادل کو جے آئی ٹی کا سربراہ مقرر کیا گیا ہے، ایس ایس پی صہیب اشرف، رضا زاہد، تیمور خان اور محمد سرور کو جے آئی ٹی کا ممبر مقرر کیا گیا ہے۔ محکمہ داخلہ نے آئی جی پولیس کی سفارشات پر جے آئی ٹی کا نوٹیفکیشن جاری کیا۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے جناح ہاس حملے پر جے آئی ٹی کا نوٹیفکیشن جاری کر د(بقیہ نمبر 32)

لاہور: عدالت کا غیر قانونی نظر بند شہری رہا، حکومت کو 5 ہزار فی دن جرمانہ ادا کرنے کا حکم

## اسٹیٹ بینک اور وزارت آئی ٹی نے کرپٹوکرنسی بند کرنے پر کام شروع کردیا

### کرپٹوکرنسی کی روک تھام کیلئے انٹرنیٹ سے کرپٹوکرنسی سروس بھی بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے

اسلام آباد ( جنرل رپورٹر) اسٹیٹ بینک اور وزارت آئی ٹی نے کرپٹوکرنسی بند کرنے پر کام شروع کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس ہوا ہے۔ اجلاس میں کرپٹوکرنسی کی روک تھام کیلئے انٹرنیٹ سے کرپٹوکرنسی سروس بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیر مملکت برائے خزانہ عائشہ غوث پاشا نے کہا کہ پاکستان میں کرپٹوکرنسی کو کبھی لیگل نہیں کیا جائے گا، فیٹیف نے بھی شرائط عائد کیں اور کرپٹوکرنسی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اسٹیٹ(بقیہ نمبر41)

## بی بی کی شہادت پر ہنگامہ برپا تھا لیکن زرداری نے پاکستان کھپے کہا، شیری رحمان

### ان کا مزید کہنا تھا کہ بینچ کی شفقت ان پر ماں کی طرح تھی، ملک میں مردم شماری یکساں معیار کے مطابق ہونی چاہیے

### اجلاس میں 9 مئی کو حساس تنصیبات پر حملہ آور ہونے کی بھرپور مذمت کی گئی ہے، ذمے داروں کو قرار واقعی سزا دی جائے

کراچی( خصوصی خبرنگار) پاکستان پیپلز پارٹی )پی پی پی ( کی رہنما اور وفاقی وزیر شیری رحمان نے کہا ہے کہ محترمہ بے نظیر کی شہادت پر ہنگامہ برپا تھا لیکن زرداری صاحب نے پاکستان کھپے کا نعرہ لگایا۔ بلاول ہاس کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے رہنما پیپلز پارٹی شیری رحمان نے کہا کہ سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس میں 9 مئی کو حساس تنصیبات پر حملہ آور ہونے کی بھرپور مذمت کی گئی ہے، ذمے داروں کو قرار واقعی سزا دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ 9 مئی کو جو ہوا وہ ملک کیلئے سیاہ دن ہے، افسوس سے کہتے ہیں پاکستان کی تاریخ نے کبھی ایسا منظر نہیں دیکھا، کڑے سے کڑے حالات میں پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر37)

لاہور: توشہ خانہ کیس: عمران خان کی نااہلی کیخلاف درخواست پر سماعت یکم جون تک ملتوی

## فیصل آباد، سمن آباد پولیس نے جعلی کرنسی چلانے والا نوجوان پکڑا گیا

### ملزم نور محمد کو حراست میں لیکر اسکے قبضہ سے جعلی کرنسی برآمد کرکے مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی

فیصل آباد(نیوز رپورٹر) فیصل آباد سمن آباد پولیس نے جعلی کرنسی چلانے والا نوجوان پکڑا گیا پولیس نے جعلی کرنسی برآمد کرکے باز پرس شروع کردی۔ تفصیل کے مطابق قانونی کارروائی کروانے والے سب انسپکٹر ثناء علی نے بتایا کہ اطلاع ملی تھی کہ نور محمد نامی شخص بعض دکانداروں کو جعلی کرنسی دیکر سودا سلف خریدنے آیا تو دکاندار نے جعلی کرنسی دیتے ہوئے پولیس کو اطلاع کردی جس پر پولیس پارٹی نے (بقیہ نمبر 47)

## 8 سالہ معصوم گھریلو ملازمہ بچی کو گرم استری سے جلادیا گیا

رحیم یار خان (جنرل رپورٹر)8 سالہ معصوم گھریلو ملازمہ بچی کو گرم استری سے جلا دیا گیا' پلاس سے منہ ٹانگوں اور آنکھوں پر ضربیں لگائی جاتی رہی' بہیمانہ ظلم سے بچی بینائی سے محروم ہوگئی (بقیہ نمبر 46)